# لوحِ قرآنی

## مُشکلات کا حل

الم | حم عسق | ن

المص | حم | یس

کھیعص | ق | آمین

PDF BY: HAKIM QAZI M.A KHALID

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | ابتدائیہ | ۱۱ |
| ۲ | حروف مقطعات کے فضائل و خواص | ۱۳ |
| ۳ | حروف مقطعات کے اسرار | ۱۹ |
| ۴ | لوحِ قرآنی | ۳۰ |
| ۵ | لوحِ قرآنی کا عامل ہونا | ۳۵ |
| ۶ | لوحِ قرآنی سے مشکلات کا حل | ۳۷ |
| ۷ | اولاد نرینہ کا حصول | ۳۹ |
| ۸ | رزق میں اضافہ | ؍؍ |
| ۹ | گمشدہ کے بارے میں معلوم کرنا | ۴۰ |
| ۱۰ | میاں بیوی میں ناچاقی | ؍؍ |
| ۱۱ | ملازمت کا حصول | ۴۱ |
| ۱۲ | ادائیگی قرض کے لیے | ۴۲ |
| ۱۳ | چشم خلائق میں محترم ہونا | ؍؍ |
| ۱۴ | دفع نامردی کے لیے | ۴۳ |
| ۱۵ | مال چوری نہ ہو | ۴۴ |


www.facebook.com/hakimkhalid

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۶ | حاکم مہربان ہو جائے | ۴۴ |
| ۱۷ | شادی جلد ہو جائے | ۴۵ |
| ۱۸ | حافظہ کی مضبوطی | ″ |
| ۱۹ | سفر میں محفوظ رہے | ۴۶ |
| ۲۰ | حاکم کا خوف دُور ہو | ۴۷ |
| ۲۱ | رنج و غم دُور ہو جائے | ″ |
| ۲۲ | بچے کا بلا وجہ رونا | ۴۸ |
| ۲۳ | دماغی کمزوری کے لیے | ″ |
| ۲۴ | جان و مال کو نقصان نہ پہنچے | ۴۹ |
| ۲۵ | اولاد پیدا ہو | ۵۰ |
| ۲۶ | جادو کے اثرات ختم کرنا | ″ |
| ۲۷ | حاجت روائی کے لیے | ۵۱ |
| ۲۸ | ملازمت کا حصول | ۵۲ |
| ۲۹ | دردِ زہ میں کمی کے لیے | ″ |
| ۳۰ | نقاہت دور کرنا | ۵۳ |
| ۳۱ | مرگی اور آسیب کا خاتمہ | ″ |
| ۳۲ | حاکم مہربان ہو جائے | ۵۴ |
| ۳۳ | بانجھ پن کا علاج | ۵۵ |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۳۴ | تسخیر خلائق کے لیے | ۵۶ |
| ۳۵ | فراخی رزق کے لیے | ۵۸ |
| ۳۶ | نارو کا علاج | ۵۹ |
| ۳۷ | کشائش رزق کے لیے | ۶۰ |
| ۳۸ | پیداوار میں برکت | // |
| ۳۹ | دشمن پر فتح حاصل ہو۔ | ۶۱ |
| ۴۰ | حکام پر رعب | ۶۲ |
| ۴۱ | پریشانی اور مشکل سے بچاؤ | // |
| ۴۲ | شیطانی تصورات سے بچاؤ | ۶۳ |
| ۴۳ | تسخیر حاکم کے لیے | ۶۴ |
| ۴۴ | بواسیر کا علاج | ۶۵ |
| ۴۵ | غائب کے بارے میں معلوم کرنا | ۶۶ |
| ۴۶ | گھر میں چوری نہ ہو | ۶۷ |
| ۴۷ | سفر بخیریت طے ہو | // |
| ۴۸ | مضبوط یادداشت کے لیے | ۶۸ |
| ۴۹ | کاروبار میں تیزی کے لیے | // |
| ۵۰ | دشمن نقصان نہ پہنچا سکے۔ | ۶۹ |
| ۵۱ | غم دُور ہو جائے۔ | // |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۵۲ | شہرت وناموری کے لیے | ۷۰ |
| ۵۳ | درخت خوب پھل دے | ۷۱ |
| ۵۴ | بچے کا چڑچڑا پن | ۷۲ |
| ۵۵ | قرض سے نجات | 〃 |
| ۵۶ | مشکل حل ہو جائے | ۷۳ |
| ۵۷ | افسران کو مسخر کرنا | ۷۴ |
| ۵۸ | لڑکی کی شادی جلد ہو جائے | 〃 |
| ۵۹ | عزت میں اضافہ ہو | ۷۵ |
| ۶۰ | مرض نسیان کے لیے | ۷۶ |
| ۶۱ | بھاگا ہوا واپس آجائے | 〃 |
| ۶۲ | مچھروں اور چیونٹیوں کو بھگانا | ۷۷ |
| ۶۳ | سر درد کے لیے | ۷۸ |
| ۶۴ | دلی مراد کا حصول | 〃 |
| ۶۵ | تسخیر حاکم کا آزمودہ عمل | ۷۹ |
| ۶۶ | دو دشمنوں میں صلح کرانا | ۸۰ |
| ۶۷ | یادداشت کی بہتری | ۸۱ |
| ۶۸ | مقدمہ میں کامیابی | ۸۲ |
| ۶۹ | مطلوبہ جگہ پر شادی ہو جائے ۔ | ۸۳ |


Arshman Software Inc. ©

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۷۰ | عقل و دانش کے لیے | ۸۴ |
| ۷۱ | کاروبار خوب چلے | ״ |
| ۷۲ | نامردی کا علاج | ۸۵ |
| ۷۳ | برائے حُبّ | ۸۷ |
| ۷۴ | دل کی کمزوری و گھبراہٹ | ״ |
| ۷۵ | سردرد کا علاج | ۸۸ |
| ۷۶ | ہر حاجت پوری ہو جائے | ۸۹ |
| ۷۷ | محبت میں دیوانہ کرنا | ۹۲ |
| ۷۸ | جوگا دُور ہو جائے | ۹۳ |
| ۷۹ | شیاطین تنگ نہ کریں | ۹۴ |
| ۸۰ | ہر مقصد پورا ہو جائے | ״ |
| ۸۱ | ہسٹریا کا مرض | ۹۶ |
| ۸۲ | سردرد کا شافی علاج | ۹۷ |
| ۸۳ | آدھے سر کا درد | ۹۸ |
| ۸۴ | اولاد فرمانبرداری کرے | ״ |
| ۸۵ | دردِ شقیقہ کے لیے | ۹۹ |
| ۸۶ | آشوب چشم سے نجات | ״ |
| ۸۷ | گھوڑے کی بیماری | ۱۰۰ |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۸۸ | گمشدہ کے بارے میں جاننے کا آسان عمل | ۱۰۱ |
| ۸۹ | عزت و مرتبہ حاصل ہو | ۱۰۲ |
| ۹۰ | حافظہ مضبوط ہو جائے | ۱۰۳ |
| ۹۱ | اولاد نرینہ پیدا ہو | ۱۰۵ |
| ۹۲ | باری کا بخار | ۱۰۶ |
| ۹۳ | ناسخورہ کا علاج | ۱۰۷ |
| ۹۴ | ابرو کا درد | 〃 |
| ۹۵ | قید سے رہائی | ۱۰۸ |
| ۹۶ | یرقان کا علاج | ۱۰۹ |
| ۹۷ | اُم الصبیان سے نجات | ۱۱۰ |
| ۹۸ | آنکھوں کا دُکھنا | 〃 |
| ۹۹ | حل المشکلات نقش | ۱۱۱ |
| ۱۰۰ | نارو کا علاج | ۱۱۳ |
| ۱۰۱ | آسیب بھاگ جائے | ۱۱۴ |
| ۱۰۲ | سر درد کا فوری علاج | ۱۱۵ |
| ۱۰۳ | ہر مصیبت سے بچاؤ | ۱۱۶ |
| ۱۰۴ | حاجت روائی کے لیے | ۱۱۷ |
| ۱۰۵ | عظیم البرکت تعویذ۔ | 〃 |


Arshman Software

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۰۶ | زیارت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم | ۱۱۹ |
| ۱۰۷ | مسوڑھوں کی سوجن | ۱۲۰ |
| ۱۰۸ | چور پکڑا جائے | 〃 |
| ۱۰۹ | دشمن نقصان نہ پہنچائے۔ | ۱۲۱ |
| ۱۱۰ | کھوئی ہوئی چیز کے بارے میں جاننا | ۱۲۲ |
| ۱۱۱ | میاں بیوی میں محبت کے لیے | ۱۲۳ |
| ۱۱۲ | مرد و عورت میں جدائی ڈالنا | 〃 |
| ۱۱۳ | نیک بیٹا پیدا ہو | ۱۲۴ |
| ۱۱۴ | احتلام کے لیے | ۱۲۵ |
| ۱۱۵ | صرع کے لیے | ۱۲۶ |
| ۱۱۶ | مشکل حل ہو جائے | 〃 |
| ۱۱۷ | بحری سفر میں حفاظت کے لیے | ۱۲۷ |
| ۱۱۸ | حافظہ قوی ہو جائے | ۱۲۸ |
| ۱۱۹ | میاں بیوی میں محبت کے لیے | 〃 |
| ۱۲۰ | دانت درد کا شافی علاج | ۱۲۹ |
| ۱۲۱ | دشمن کی زبان بندی | ۱۳۰ |
| ۱۲۲ | میچ جیتنا | ۱۳۱ |
| ۱۲۳ | حُب کے لیے | ۱۳۲ |

| صفحہ نمبر | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۱۳۳ | رزق میں اضافہ کے لیے | ۱۲۴ |
| 〃 | گردن میں درد | ۱۲۵ |
| ۱۳۴ | دانتوں کا درد | ۱۲۶ |
| ۱۳۵ | حمل قائم رہے | ۱۲۷ |
| 〃 | دشمن ذلیل ہو جائے۔ | ۱۲۸ |
| 〃 | جنت کا حصول | ۱۲۹ |
| ۱۳۶ | حاجت پوری ہو جائے۔ | ۱۳۰ |


Arshman Software ©

# ابتدائیہ

اللہ تعالیٰ علیم ہے خبیر ہے سب کچھ جانتا ہے ہر چیز پر قادر ہے، مسبب الاسباب ہے۔ قرآن حکیم کی سورتوں کی ابتدا میں متعدد مقامات پر جو حروف آئے ہیں جیسے الٓمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ، نٓ، الٓمٓصٓ، حٰمٓ، یٰسٓ، کٓھٰیٰعٓصٓ، قٓ وغیرہ ان حروفِ مقطعات کو لوحِ قرآنی کہتے ہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے ان میں بے پناہ اسرار مخفی رکھے ہیں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور بے شمار بزرگانِ دین نے ان اسرار کی برکات و خواص سے فائدہ اٹھایا ہے۔ ایک بزرگ کا کہنا ہے کہ حروفِ مقطعات کو اگر روزانہ بلاناغہ مہینہ کے اختتام تک تلاوت کیا جائے تو اس کے بہت فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک بزرگ کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ ایک عارف کی لونڈی کو مرگی کا دورہ پڑا تو اس عارف نے اس لونڈی کے کان میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الٓمٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ والقرآن الحکیم حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ والقلم وما یسطرون۔ پڑھ کر پھونک دیا تو وہ فوراً ہوش میں آگئی اور ہمیشہ کے لیے اس مرض سے اسے نجات مل گئی۔

حروف مقطعات کی برکات و خواص کے حوالے سے اس طرح

کے بے شمار واقعات کتب قدیمہ کی زینت بنے ہوئے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ حروف مقطعات میں بے پناہ شفائی اثرات مخفی ہیں، ان کے وسیلہ سے حاجات پوری ہوتی ہیں مشکلات حل ہوتی ہیں اور پریشانیاں دور ہو جاتی ہیں۔ حروفِ مقطعات کے انہی حل المشکلات خواص و اسرار کو مدِنظر رکھتے ہوئے انسانیت کی بھلائی کی خاطر زیر نظر کتاب کو ترتیب دیا گیا ہے۔ لوحِ قرآنی سے مشکلات کے حل کے ضمن میں یہ ایک جامع اور نہایت فائدہ مند کتاب ہے جس سے ہر ایک مسلمان مرد و عورت فائدہ حاصل کر سکتے ہیں اس میں موجود وظائف عملیات و نقوش سے استفادہ حاصل کرنے کی عام اجازت ہے اس کتاب کا ہر گھر میں ہونا برکت کا باعث ہے اس سے نہ صرف خود فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے بلکہ دوسروں کو بھی فائدہ پہنچایا جا سکتا ہے کتاب ھذا میں بفضل باری تعالیٰ ہر پریشانی و مشکل کا حل موجود ہے۔

آپ کی دعاؤں کا طالب

**محمد الیاس عادل**

# حروفِ مقطعات کے فضائل و خواص

حروفِ مقطعات کے فضائل کے ضمن میں یہ بات بخوبی طور پر کہی جا سکتی ہے کہ ان حروف میں اللہ تعالیٰ نے جو اسرار و رموز و مطالب و معنی رکھے ہیں اُن کو عام لوگوں پر مطلع کرنا مناسب نہ سمجھا گیا۔ حروفِ مقطعات میں اللہ تعالیٰ اور رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مابین راز کی باتیں ہیں جن کا علم سرکارِ مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مکمل طور پر تھا۔ اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہے ان کے اسرار و رموز سے آگاہ کرے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں راسخین فی العلم میں سے ہوں اور جو لوگ متشابہات اور مقطعات کی تفسیر کے عالم ہیں ان میں سے ایک میں بھی ہوں۔

(تفسیر مظہری)

حروفِ مقطعات کے خواص و اثرات بھی بے شمار ہیں اور ان سے لاتعداد فوائد حاصل ہوتے ہیں چنانچہ اس حوالے سے امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ حروفِ مقطعات کو لکھ کر اپنے مال و اسباب میں رکھ دیا کرتے تھے تاکہ ہر طرح کی آفات و بلیات سے سامان کی حفاظت رہے۔

"خواص القرآن" میں امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ بعض اکابرین جب سفر کے لیے روانہ ہوتے تو کسی کاغذ یا ٹھیکری پر یہ حروف مقطعات لکھ کر ساتھ رکھتے تھے اگر دریا میں طوفان آتا تو یہ کاغذ دریا میں ڈال دیتے جس سے طوفان رُک جاتا۔

(شمس المعارف)

○

امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک عارف نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جب حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا اور ان پر حٰمٓ عٓسٓقٓ كَذٰلِكَ يُوحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ کو نازل فرمایا تو میں نے یہ بات جان لی کہ اس میں اللہ تعالیٰ کا کوئی راز ہے۔ اپنی سختیوں اور مصیبت کے وقت اس کو ڈھال بنایا اور اس کے سبب سے میں ان سے محفوظ رہا اور دولت مند ہو گیا۔

○

حضرت امام کمال رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جب دریائے دجلہ میں کشتی پر سوار ہوتے تو حروف مقطعات پڑھ لیا کرتے تھے کسی نے اس کی وجہ پوچھی تو انہوں نے فرمایا کہ جب یہ حروف مقطعات کسی مقام یا جنگل یا دریا میں پڑھے یا لکھے جائیں تو پڑھنے والا اور وہ مقام محفوظ ہو جاتا ہے اور اس کی جان اور مال تلف اور غرق ہونے سے

بجا رہتا ہے۔ (شمس المعارف)

○

حروف مقطعات کے وسیلہ سے مانگی گئی دعا بارگاہِ الٰہی میں قبول ہوتی ہے چنانچہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب دعا فرماتے تو اس طرح سے دعا مانگتے تھے۔ یَا کٓھٰیٰعٓصٓ۔ یَا حٰمٓ عٓسٓقٓ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ اور فرماتے تھے جو شخص اس اسم کے ساتھ دعا مانگے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا مقبول ہو گی۔ (شمس المعارف)

○

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم الٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ وغیرہ ہیں اور جو کوئی حروف کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا بخوبی جانتا ہے وہ اسم اعظم سے بے خبر نہیں رہ سکتا۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ قرآن حکیم کی سورتوں کے ابتدا میں جو حروف مقطعات بتکرار آئے ہیں وہ اسم اعظم ہیں۔

(الدر النظیم)

○

موصل کے ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حروف مقطعات کے خواص و برکات مجھ پر منکشف فرمادی ہیں اور اللہ تعالیٰ نے مجھے ان کی برکت سے بہت سی پریشانیوں سے محفوظ رکھا ہے میرے رزق میں فراخی ہوئی اور جب کسی مصیبت میں مبتلا ہوا تو اللہ تعالیٰ نے اس

مصیبت سے مجھے خلاصی عطا فرمائی۔ (الدرالنظیم)

○

بعض مفسرین کرام تحریر فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر جب یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی۔ حٰمٓ، عٓسٓقٓ کَذٰلِكَ يُوحِيْ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہر سختی و شدت کے وقت اس کو اپنا وظیفہ بنا لیا۔

○

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ غزوہ بدر سے ایک دن قبل میری ملاقات حضرت خضر علیہ السلام سے ہوئی۔ میں نے ان سے کہا کہ کوئی ایسی دُعا بتائیے جس سے دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ دُعا پڑھو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الٓمّٓ وَالٓمّٓ وَالٓمّٓصٓ وَالٓرٰ وَالٓمّٓرٰ وَكٓهٰيٰعٓصٓ وَطٰهٰ وَطٰسٓمّٓ وَطٰسٓ وَطٰسٓمّٓ وَيٰسٓ وَصٓ وَحٰمٓ وَحٰمٓ وَحٰمٓ عٓسٓقٓ وَحٰمٓ وَحٰمٓ وَحٰمٓ وَحٰمٓ وَقٓ وَنٓ يَا مَنْ هُوَ هُوَ يَا مَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ اِغْفِرْلِيْ وَانْصُرْنِيْ

اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

(شمس المعارف)

○

حضرت عثمان غنی اور حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا سامنا جب کسی دشمن سے ہوتا تو یہ دعا پڑھتے۔

اَللّٰھُمَّ احْفَظْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ بِالنَّصْرِ وَالتَّاْیِیْدِ بِالٓمٓصٓ وَبِکٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحٰمٓ عٓسٓقٓ وَیٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ وَقٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ وَنٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ۔

(الدر النظیم)

○

بصرہ میں ایک شخص داڑھ کا درد جھاڑا کرتا تھا لیکن بخیل تھا اور اپنے اس بخل کی وجہ سے درد جھاڑنا کسی کو نہیں بتاتا تھا جب اس شخص کا انتقال ہونے لگا تو اس نے ایک شخص سے جو اس کے پاس تھا کہا کہ میرے پاس کاغذ اور قلم دوات لے کر آؤ تاکہ میں تجھے داڑھ کا درد جھاڑنا بتا دوں چنانچہ اس نے یہ لکھا،

الٓمٓصٓ، طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ، عٓسٓقٓ، اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝ اُسْکُنْ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ ذِکْرُ رَحْمَتِ رَبِّکَ عَبْدَہٗ زَکَرِیَّاہ

لوح قرآنی

اُسْكُنْ بِالَّذِیْ اِنْ یَّشَاْ یُسْكِنِ الرِّیَاحَ فَیَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰی ظَهْرِهٖ اُسْكُنْ بِالَّذِیْ سَكَنَ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
لکھنے کے بعد کہا کہ جسے داڑھ میں درد ہو ان حرفوں سے درد جھاڑ دیا کرے۔

(الدر النظیم)

# حروف مقطعات کے اسرار

بلاشبہ حروف مقطعات میں بے شمار اسرار پوشیدہ ہیں ان میں اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درمیان راز و نیاز کی باتیں ہیں جن کو حضور سرکار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام بخوبی جانتے تھے۔ حروف مقطعات کے اسرار کے ضمن میں مفسرین کرام ایک روایت بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک یہودی ابو یاسر ابن اخطب جو کہ حیی بن اخطب کا بھائی تھا اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس سے گزر رہا تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس وقت سورۃ بقرہ کی پہلی آیت مبارکہ الٓمّٓ ذٰلِکَ الْکِتَابُ لَا رَیْبَ فِیْہِ تلاوت فرما رہے تھے۔ ابو یاسر کے کانوں میں جب اس تلاوت کی آواز پڑی تو سنتے ہی فوری طور پر اپنے بھائی حیی بن اخطب کے پاس پہنچا اور اس آیت مبارکہ کے بارے میں حیی بن اخطب کو بتایا۔ حیی بن اخطب نے اس سے پوچھا کہ کیا تم نے خود اپنے کانوں سے یہ آیت محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو پڑھتے ہوئے سنا ہے۔ اس نے کہا، ہاں میں ابھی ابھی سن کر آیا ہوں۔

حیی بن اخطب علم الاعداد کا ماہر تھا اس نے کعب بن اشرف اور کچھ دوسرے معزز یہودیوں کو اپنے ساتھ لیا اور حضور نبی کریم علیہ

الصلوٰۃ والسلام کے پاس آیا اور پوچھا کہ آپ پر جو کلام نازل ہوا ہے کیا الٓمّٓ۔ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ بھی اسی میں ہیں۔ جس کی آپ ابھی کچھ دیر پہلے تلاوت کر رہے تھے؟ آپ کو اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں سچ سچ بتائیے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا، ہاں۔ یہ سنتے ہی حیی نے فوراً الٓمّٓ کے اعداد ۷۱ نکالے اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو متوجہ کرتے ہوئے کہنے لگا، اللہ تعالیٰ نے آپ سے قبل بہت سے نبی مبعوث فرمائے ہیں لیکن کسی کو بھی یہ نہیں بتایا کہ اس کی امت اتنے سالوں تک باقی رہے گی لیکن معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی امت کے بارے میں آپ کو یہ بات بتادی گئی ہے ہمارے حساب کے مطابق آپ کی امت کی عمر صرف ۷۱ برس ہوگی، اب ایسی اُمت میں کوئی کیا داخل ہو۔ حیی کی یہ بات سن کر حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تبسم فرمایا۔ حیی نے پوچھا، کیا اس طرح کا کوئی اور کلمہ بھی آپ پر نازل ہوا ہے؟ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہاں۔ اور المٓصٓ پڑھ کر سنا دیا۔ حیی نے فوری طور پر صٓ کے اعداد نکالے اور ۷۱ میں صٓ کے ۹۰ اعداد شامل کر کے کہا، اب یہ ۱۶۱ سال بنتے ہیں اور اس حساب سے آپ کی اُمت کی عمر ۱۶۱ سال ہوگی۔ پھر اس نے پوچھا، کیا اس طرح کا کوئی اور کلمہ بھی نازل ہوا ہے؟

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا، ہاں اور بھی ہے اور وہ ہے الٓمّٓرٰ حیی نے اس کے بھی اعداد نکالے اور ۱۶۱ میں سے دو سو

اعداد جمع کر کے کہا کہ اس سے تو ۱۰۷۱ برس کا حساب بنتا ہے پھر کہنے لگا،
اب معاملہ الجھ گیا ہے سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ کی اُمت کی عمر صحیح طور پر
کیا سمجھی جائے گی۔ حیی سوچ میں پڑ گیا اور اس نے مزید سوالات نہ
کئے خاموشی سے اپنے ساتھیوں کے ساتھ اُٹھ کر چلا گیا۔ ابو یاسر بھی ان
کے ہمراہ ہی تھا اور اس ساری گفتگو میں ان کے ساتھ تھا اس نے
اپنے بھائی اور ساتھیوں سے کہا، یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ المٓ، المٓص
المٓر کے اعداد کے مجموعے سے اُمت محمدیہ کی عمر بنتی ہو۔ یہ سن
کر وہ لوگ کہنے لگے کہ اس معاملہ میں ہمارا ذہن تو الجھ گیا ہے طبیعت
مطمئن نہیں ہو رہی ہے۔

اس روایت سے بخوبی طور پر پتہ چلتا ہے کہ حضور نبی رحمت علیہ
الصلوٰۃ والسلام حروف مقطعات کے اسرار و رموز سے آگاہ تھے یہی
وجہ تھی کہ جب حیی بن اخطب حروف مقطعات کے اعداد نکال کر
اُن سے اپنی سمجھ کے مطابق نتیجہ اخذ کر رہا تھا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم اسے سن کر تبسم فرماتے تھے کیوں کہ اصل اسرار و رموز اور معانی و
مطالب کو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خوب اچھی طرح جانتے تھے۔

## حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

فرماتے ہیں کہ المٓ اللہ تعالیٰ کے اسماء مبارکہ میں سے
ایک اسم پاک ہے۔ (ابن جریر۔ ابن منذر)

## حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حروف مقطعات کے ضمن میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماء مبارکہ ہیں۔
(تفسیر مدارک)

## حضرت ابن ابی طلحہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

اسی حوالے سے حضرت ابن ابی طلحہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ الٓمٓ۔ طٰسٓمٓ یا ان کے مشابہ حروف مقطعات، حروفِ قسم ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کی قسم کھائی ہے اور یہ سب اللہ تعالیٰ کے اسماء مبارکہ ہیں۔ (الاتقان و معالم التنزیل)

## تفسیر ابن کثیر

حروف مقطعات کے اسرار کے بارے میں تفسیر ابن کثیر میں حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، حضرت قرطبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے اقوال سے معلوم ہوتا ہے کہ حروفِ مقطعات میں اسرار پوشیدہ ہیں۔

## تفسیر رازی

اکثر علماء کرام کا کہنا ہے کہ حروف مقطعات قرآن حکیم کی سورتوں

کے نام ہیں

## ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

اس بارے میں حضرت ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ قرآن مجید میں جو حروف مقطعات یا حروف تہجی آئے ہیں وہ سب قرآن حکیم کے الگ الگ نام ہیں۔

## علامہ بیضاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

حروف مقطعات کے حوالے سے معتدد اقوال نقل کرتے ہوئے اس خیال کو ترجیح دیتے ہیں کہ حروفِ مقطعات اللہ تعالیٰ کے اسماء مبارکہ ہیں۔ (تفسیر بیضاوی)

## حضرت عبد العزیز دباغ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

اپنے وقت کے مشہور ولی اللہ گزرے ہیں علم لدنی میں کمال مرتبہ حاصل تھا حروف مقطعات کے اسرار و رموز کے بارے میں بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگر لوگوں کو حٓ کے معنی اور اس کی حقیقت کا علم ہو جائے تو کسی کو بھی اللہ تعالیٰ کے حکم کی مخالفت پر کبھی جراءت نہ ہو۔ مزید فرماتے ہیں کہ سورتوں کے ابتدائی حروف (حروف مقطعات) کا علم صرف دو شخصوں کو ہوتا ہے ایک وہ جس کی نظر

میں لوحِ محفوظ ہو یا وہ شخص جو اہلِ تصرف دیوان الاولیاء سے تعلق و واسطہ رکھتا ہو ان دونوں شخصوں کے علاوہ کسی کو ان حروف کے علم و معرفت کی خواہش رکھنا فضول ہے۔" (تبریز ترجمہ ابریز)

فرماتے ہیں کہ یہ حروف مقطعات جو سورتوں کے آغاز میں لوحِ محفوظ میں بالکل اسی طرح لکھے ہوئے ہیں جس طرح کہ قرآن حکیم میں ہیں البتہ ہر حرف کے ساتھ سریانی زبان میں اس کی شرح بھی لکھی ہوئی ہے چنانچہ الٓمٓ میں وہ رموز و اسرار ہیں جن کا اشارہ اس نورِ محمدی کی طرف ہے جس سے تمام مخلوقات استفادہ کرتی ہے اگر اس نور کو جس کی طرف اس رمز سے اشارہ کیا گیا ہے اس لحاظ سے دیکھا جائے مخلوقات میں سے کچھ ایسے لوگ ہیں جو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لائے اور کچھ ایسے ہیں جنہوں نے کفر کیا اور یہ کہ مومنین کے کیا حالات ہیں اور کفار کے کیا۔ نیز وہ امور جن کا تعلق اس سے ہے اور کلام کا ربط بھی ان سے ہے تو یہ الٓمٓ وہ ہے جو سورۂ بقرہ میں آیا ہے اور یہ ان ہی معنوں میں نازل ہوئی ہے اور اگر نورِ محمدی پر ان بھلائیوں کے اعتبار سے نظر ڈالی جائے جو انہیں اس نور سے حاصل ہیں اور یہ کہ وہ کس طرح حاصل ہوتی ہیں اور ان لوگوں میں سے چند لوگوں کا ذکر کیا جائے جنہیں یہ نعمتیں اور بھلائیاں حاصل ہوئیں تو یہ وہ الٓمٓ ہے جس کا ذکر سورۂ آلِ عمران میں آیا ہے اور یہ اسی غرض کے لیے نازل بھی ہوئی۔ اور اگر اس نورِ محمدی کو ان سزاؤں اور عذاب

کے اعتبار سے دیکھا جائے جو نافرمان لوگوں پر نازل ہوا نیز ان مصائب کے اعتبار سے جو اس دنیا میں انہیں پہنچیں تو یہ وہ اتمہ ہے جس کا ذکر سورۂ عنکبوت میں آیا ہے۔ اسی طرح ہر اس سورۃ کے بارے میں کہا جائے گا جس کے شروع میں یہ رمز آئے گا۔ اور اس بیان کو ہر وہ شخص جانتا ہے جس کی نظر لوح محفوظ پر ہے۔

## کہیعص

کی تفسیر کے ضمن میں سید عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بیان فرماتے ہیں کہ ک مفتوحہ کے معنی میں بندہ اور فاد ساکن مفتوحہ کے معنی کو محقق کرنے کے لیے ہے لہٰذا اس میں فار مفتوحہ کے معنی اور تحقیق و تقریر دونوں مفہوم پائے جاتے ہیں اور فار مفتوحہ کے معنی ہیں ایسی چیز جس کی طاقت ہو لہٰذا

فا ساکن کے معنی ہوئے کہ اس کا لا ابطاق ہونا حق ہے جس میں کسی قسم کے شک کی کوئی گنجائش نہیں۔

ھا مفتوحہ کے معنی ہیں صاف و پاک رحمت جس میں کوئی کدورت نہیں اور یہ تغیر پذیر ہے بامرِ ندا ہے۔

ع (یعنی عین) مفتوحہ، ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

ی ساکن یہاں اختلاط پر دلالت کرتی ہے۔

ن ساکن مفتوحہ کے معنی کی تحقیق کے لیے ہے اور نون مفتوحہ کے معنی ہیں وہ خیر و خوبی جو ذات میں قائم و شامل ہے۔

ص مفتوحہ سے مراد خلا ہے اور دال ساکن ص کے معنی کو محقق کرتی ہے کیوں کہ یہ حروفِ اشارہ میں سے ہے اور حروفِ اشارہ اپنے ماقبل کے معانی کی تصدیق کرتے ہیں برخلاف دوسرے حروف کے کیونکہ جب وہ ساکن ہوں تو اپنے مفتوح کے معنی کو محقق کرتے ہیں۔ (یعنی پایۂ تکمیل کو پہنچاتے ہیں)

یعنی اس کے معنی یہ ہوئے کہ اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کو نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درجے اور بلند مرتبے کی خبر دے رہا ہے اور بات کی خبر دے رہا ہے کہ اللہ رب العزت کا تمام مخلوقات پر یہ احسان ہے کہ انہیں ایسا بنایا کہ وہ اپنا نور اس نبی نورِ مجسّم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے حاصل کریں چنانچہ کاف سے مراد یہ ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ کے بندے ہیں فاد ساکن نے دلالت کی کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سی کوئی طاقت نہیں رکھ سکتا اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایسے ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لا یطاق ہونے سے مراد یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام مخلوقات کو عاجز کر دیا ہے کہ نہ کوئی پہلا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ کو پا سکا نہ پچھلا پا سکے گا یہی وجہ ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سید الوجود ہیں۔

(ابتریز ترجمہ الابریز)

# تفسیر مظہری

حروف مقطعات کے اسرار و رموز کے حوالے سے تفسیر مظہری میں تحریر ہے کہ مرزا مظہر جانِ جاناں رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ کشفی نگاہ سے دیکھا جائے تو قرآن حکیم ایک بحرِ ناپید اکنار معلوم ہوتا ہے اور یہ حروف (مقطعات) ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسا کہ چشمے، جن سے پورا قرآن حکیم اُبل رہا ہو۔

## حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

اس ضمن میں حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ میں متشابہات کی حقیقت کو جانتا ہوں مگر یہ مناسب نہیں کہ عوام کے سامنے بیان کیا جائے کیوں کہ یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے راز ہیں۔ (تفسیر مظہری)

فرماتے ہیں کہ ان حروف (مقطعات) میں سے ہر ایک حرف عاشق و معشوق کے پوشیدہ اسرار کا بحرِ مواج ہے اور محب و محبوب کے دقیق و باریک رموز میں سے ایک پوشیدہ رمز ہے۔ (مکتوبات مجدد الف ثانی)

## شیخ محمد بن سلطان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

آپ حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے خواص

میں سے ہیں بیان فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں ایک فقیہہ کے ساتھ کھیٰعص اور حمعسق کے اسرار و رموز اور تفسیر کے متعلق بحث کر رہا ہوں اور میری زبان پر اللہ رب العزت نے یہ جاری کر دیا کہ یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درمیان راز کی باتوں میں سے ہے گویا کہ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے۔

ک :۔ اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آپ کہف الوجود ہیں جس کے پاس آ کر تمام موجودات پناہ لیتی ہے آپ کل وجود ہیں۔

ھ :۔ ہم نے آپ کو ملک عطا کیا اور ملکوت مہیا کیا۔

ی ع۔ اے عین العیون

ص۔ آپ میری صفات میں سے ہیں کہ جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

ح۔ ہم آپ کے حامی ہیں۔

م۔ ہم نے آپ کو مالک بنا دیا۔

ع۔ ہم نے آپ کو علم سکھایا۔

س۔ ہم نے آپ پر اسرار کھول دیے۔

ق۔ ہم نے آپ کو اپنا قرب عطا کیا۔

اس پر اُس فقیہہ نے مجھ سے جھگڑنا شروع کر دیا اور اس تفسیر کو قبول نہ کیا اس پر میں نے کہا کہ چلو ہم حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں چل کر فیصلہ کراتے ہیں چنانچہ ہم گئے اور حضور علیہ الصلوٰۃ

والسلام کی زیارت کی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو محمد بن سلطان نے کہا ہے ٹھیک ہے۔

## علامہ بیضاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اقوال سے معلوم ہوتا ہے کہ حروف مقطعات راز کی باتیں ہیں جن کو سوائے راز دار کے کوئی نہیں جانتا لہٰذا ثابت ہو گیا کہ حروفِ مقطعات متشابہات میں سے ہیں اور غیر معلوم المراد ہیں۔ (تفسیر البیضاوی)

حروف مقطعات کے حوالے سے جملہ معلومات و تحقیق کی روشنی میں یہ بات سامنے آتی ہے کہ حروفِ مقطعات کا قرآن حکیم میں استعمال بے فائدہ نہیں ہے ان حروف میں بے شمار اسرار و رموز پوشیدہ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام اور راسخین فی العلم ہی صحیح طور پر جانتے ہیں عام لوگوں سے ان کو پوشیدہ رکھا گیا ہے۔ جس پر اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے اور اپنے دوستوں کی صف میں شمار کرے تو دیگر اور رازوں کی طرح حروف مقطعات کے اسرار بھی اس پر کھول دیتا ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے جتنا چاہتا ہے علم عطا فرماتا ہے۔

———٥———

# لوحِ قرآنی

لوحِ قرآنی وہ حروف مقطعات ہیں جو قرآن حکیم کی سورتوں کی ابتداء میں آئے ہیں اس ضمن میں حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ان حروف کی کل تعداد چودہ ہے سب سے پہلا الٓمٓ ہے اور سب سے آخری نٓ ہے اور ان میں سے بعض حروف دوبارہ اور سہ بارہ بھی آئے ہیں اور یہ اُنتیس سورتوں کے آغاز میں وارد ہوئے ہیں۔

ان حروف مقطعات کے معنوں میں علماء کرام کا اختلاف ہے بعض کا یہ کہنا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ سے مشتق ہیں جبکہ بعض کا یہ کہنا ہے کہ یہ حضور سرکار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسمائے مبارکہ سے مشتق ہیں اور حروف مقطعات نبی رحمت علیہ الصلوٰۃ و السلام کے اسمائے مبارکہ کی تخفیف شدہ شکل ہے۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ حروف مقطعات اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ ہیں اگر ان کا بغور مطالعہ کیا جائے اور ان کو احسن طریقہ سے ترکیب دے کر دیکھا جائے تو اس سے بخوبی طور پر اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کا پتہ چل جاتا ہے جیسا کہ الٓرٓ اور حٰمٓ اور نٓ کو باہم ترکیب دیا جائے تو الرحمٰن بن جاتا ہے

بالکل اسی طرح باقی حروف مقطعات کو خیال کر لینا چاہیے لیکن ہم ان کو باہم ترکیب نہیں دے سکتے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ حروف مقطعات کے ضمن میں فرماتے ہیں کہ الم سے مراد انا اللہ اعلم ہے (یعنی میں اللہ ہوں بہت علم والا) اسی طرح المص سے مراد انا اللہ افضل ہے۔ اور الرا سے مراد انا اللہ رائی ہے (یعنی میں اللہ ہوں بہت دیکھنے والا)۔ اسی حوالے سے جب حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے الر اور حم اور ن کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ ان کو ترکیب دینے سے اسم الرحمن حاصل ہوتا ہے۔

حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حروف مقطعات میں سے ہر ایک حرف اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ اور اس کی صفات پر دلالت کرتا ہے یعنی الف میں اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اول، آخر، ازلی اور ابدی ہے اور لام میں یہ اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ لطیف ہے جبکہ میم میں اس بات کا اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ملک۔ مجید۔ منان اور محسن ہے۔ اسی طرح کھیعص میں یہ اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کافی، کبیر اور کریم ہے۔ ہا میں اشارہ ہے کہ وہ ہادی ہے۔ یے میں اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ زندہ کرتا ہے اور عین میں اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہے اور صاد میں اشارہ ہے کہ وہ صادق ہے، بعض کا یہ کہنا ہے کہ حروف مقطعات میں سے بعض حروف اسم ذات پر

دلالت کرتے ہیں اور بعض اسم صفات پر دلالت کرتے ہیں۔

بعض مفسرین کرام کا یہ کہنا ہے کہ حروف مقطعات میں سے ہر ایک حرف صفاتِ افعال پر دلالت کرتا ہے چنانچہ الف سے مراد اس کا مجد اور طے سے مراد یہ ہے کہ وہ طیب ذوالطول یعنی پاک صاحب بخشش ہے اور سین سے مراد یہ ہے کہ وہ سلام اور سمیع ہے اور رے سے مراد یہ کہ وہ رب اور رحیم ہے اور ح سے مراد یہ ہے کہ وہ حلیم، حی اور حق ہے۔ جب کہ نون سے مراد یہ ہے کہ وہ نور نافع ہے اور ق سے مراد قاہر۔ قادر۔ قیوم اور قوی ہے۔ اسی حوالے سے بعض کا یہ بھی کہنا ہے کہ ان میں سے بعض حروف اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم پر دلالت کرتے ہیں۔

ایک عالم باعمل بزرگ یہ فرماتے ہیں کہ جو حروف زبان پر آتے ہیں اُن کی تعداد اٹھائیس ہے ان میں سے نصف حروفِ نورانی ہیں اور نصف حروف ظلمت ہیں۔ حروف نورانی یہ ہیں۔

ا ۔ ح ۔ ص ۔ س ۔ ک ۔ ع ۔ ط ۔ ق ۔ ر ۔ ھ

ن ۔ م ۔ ل ۔ ی ۔

امام عبداللہ یافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ان حروف نورانی میں ہر حرف کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے بعض اسمائے حسنہ کا تعلق ہے مثال کے طور پر اللہ ۔ اَحَدٌ ۔ اَوَّلٌ ۔ اٰخِرٌ ۔ ح حَیٌّ ص صَمَدٌ ۔ س، سَمِیْعٌ، سُبُّوْحٌ، سَلَامٌ ۔ ک کَرِیْمٌ ع عَلِیْمٌ

عَظِیۡمٌ عَزِیۡزٌ ط طَیِّبٌ ۔ ق قَیُّوۡمٌ ۔ ر ۔ رَحۡمٰن ۔ رَحِیۡمٌ
ہ ھَادِیٌ ن نُوۡرٌ نَافِعٌ م مَالِکُ الۡمُلۡکِ ، مَالِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ
مُحۡیِ مُمِیۡتٌ ۔ ل لَطِیۡفٌ ی یَسِیۡرٌ ۔

حضرت سہل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی کتاب کی ایک فصل میں حروف کا بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ حروف میں سے اشرف حروف نو ہیں جن کے نور سے حروف مقطعات نے حسن و جمال حاصل کیا ہے وہ حسب ذیل ہیں ۔

ا ۔ ل ۔ م ۔ ص ۔ ح ۔ ق ۔ ک ۔ ن ۔ و اجسام ظاہرہ یعنی ساتوں آسمان اور عرش و کرسی ان کے اشرف ہونے پہ دلالت کر رہے ہیں اور یہ وہ حروف ہیں جن کو پروردگار عالم نے قرآن حکیم میں کنایتہً ان الفاظ سے بیان فرمایا ہے ۔

الٓمّٓ ۔ الٓمّٓصٓ ۔ قٓ ۔ نٓ ۔ حٰمٓ ۔

لوح و قلم کے بھی یہی حروف ہیں ۔

اللہ تعالیٰ نے وہ حروف جن کی قسم کھائی ہے اور جیسا کہ قمری منازل کی کل تعداد اٹھائیس ہے ان میں چودہ باطن اور باقی ظاہر ہیں ۔ بالکل اسی طرح حروف مقطعات چودہ باطن ہیں اور باقی ظاہر اور ان کی کل تعداد ۲۹ ہے جیسا کہ بعض قمری مہینہ کے دن بھی ۲۹ ہوتے ہیں اور اسی طرح چاند چودہ منازل تک قبول نور میں کمال حاصل کرتا ہے اور آفتاب کے نزدیک ہوتا ہے اسی طرح نفس انسانی بھی ان چودہ حروف نورانی کی

معرفت سے نور عقل حاصل کرنے میں درجۂ کمال کو پہنچ جاتا ہے۔

حروف مقطعات کے ضمن میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہر آسمانی کتاب میں کچھ اسرار ہوتے ہیں قرآن مجید کے اسرار حروف مقطعات ہیں۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ "حروف مقطعات ایسی خفی چیزیں ہیں کہ جن کی تفسیر نہیں کی جا سکتی۔"

اسی حوالے سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہر کتاب میں کچھ انتخابات ہوتے ہیں اور قرآن حکیم کے انتخابات حروفِ ہجہ ہیں۔

---

# لوح قرآنی

| | | |
|---|---|---|
| الٓمٓ | حٰمٓ عٓسٓقٓ | نٓ |
| الٓمٓصٓ | حٰمٓ | یٰسٓ |
| کٓھٰیٰعٓصٓ | قٓ | اٰمِین |

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ان حروف مقطعات کو دیکھنے والے کی تمام مشکلات آسان ہو جائیں گی صبح سویرے ان کو دیکھ کر جو بھی اچھا کام کیا جائے گا وہ انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی سے ہمکنار ہوگا اس کو پردۂ غیب سے رزق کی فراہمی وافر ہوگی ان حروف مقطعات کی برکت سے پروردگار عالم ہر پریشانی کو رفع فرمائے گا۔

# لوحِ قرآنی کا عامل ہونا

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ لوح قرآنی کا عامل ہو جائے اور جس بھی مقصد کے لیے حروف مقطعات کے حوالے سے تعویز و نقش لکھ کر دے اس میں یقینی اور جلد ہی کامیابی حاصل ہو مقصد و مطلب پورا ہو جائے تو اُس کے لیے نماز پنجگانہ کی پابندی کرنا لازم ہے اس کے علاوہ دیگر فرائض وواجبات کی ادائیگی کرنا بھی اس کے لیے ضروری ہے۔ مزید برآں یہ کہ اُسے چاہیئے وہ روزانہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے روٹی پر یہ حروف لکھے۔

الف۔حا۔صاد۔سین۔کاف۔عین۔ط۔قاف۔

لا۔ھا۔نون۔میم۔لام۔یا۔

لکھنے کے بعد اُسی وقت اس روٹی کی گولیاں بنا کر مچھلیوں کو کھلائے اکیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اور روزانہ حروف مقطعات کی ایک تسبیح پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے بعد عامل ہو جائے گا اور جس بھی نیک اور جائز کام کے لیے حروف مقطعات میں سے تعویز بنا کر دے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس میں کامیابی ہو گی اور پروردگار عالم اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

# لوحِ قرآنی سے مشکلات کا حل

اللہ رب العزت نے حروف مقطعات میں جو اسرار و رموز اور خواص و فوائد مضمر رکھے ہیں ان کی برکات سے استفادہ حاصل کرنا یقینی طور پر ممکن ہے چونکہ یہ حروف مقطعات قرآن کریم کی سورتوں کی ابتداء میں آئے ہیں اور ان میں جو اسرار پوشیدہ ہیں ان سے ان کی فضیلت و اہمیت کا بخوبی طور پر پتہ چلتا ہے قرآن پاک میں موجود یہ خصوصی اثرات کے حامل حروف مقطعات ہر مشکل میں آسانی اور ہر مرض میں شفا حاصل کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں ایک بہترین وسیلہ ہیں اللہ رب العزت نے قرآن حکیم کو روحانی و جسمانی امراض کے لیے شفا قرار دیا ہے اور فرمایا ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔

بلاشبہ قرآن پاک شفا ہے قرآن پاک رحمتِ الٰہی ہے ہر پریشانی و مشکل کا حل اس میں موجود ہے اسی حوالے سے حروف مقطعات سے مشکلات کا حل ایک کتابی شکل میں ترتیب دینے کی سعادت حاصل کی گئی ہے۔ امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک عارف نے فرمایا کہ میں نے عراق میں ایک بزرگ کے پاس حروف مقطعات لکھے ہوئے دیکھے میں نے ان سے اس کا سبب دریافت کیا تو انہوں نے

فرمایا کہ یہ بڑی بابرکت چیز ہے ان کی برکت سے اللہ تعالیٰ مجھے ہر ایک مصیبت سے محفوظ رکھتا ہے اور مجھے رزق عطا کرتا ہے مجھے جب کوئی حاجت پیش آتی ہے تو میں ان کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرتا ہوں اور میری وہ حاجت فوراً پوری ہو جاتی ہے اور ان کی برکت سے دشمن سے محفوظ رہتا ہوں اور چور سانپ، بچھو اور درندے اور حشرات الارض مجھ سے بھاگ جاتے ہیں اور جب میں سفر میں انہیں پڑھتا ہوں تو سلامتی کے ساتھ اپنے گھر واپس آتا ہوں۔

حروف مقطعات کے انہی خواص و فوائد کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ ان کے وسیلہ جمیلہ سے پروردگار عالم ہر مشکل کو حل فرماتا ہے ہر پریشانی و مصیبت کو دور فرماتا ہے بیماریوں میں شفا عطا فرماتا ہے، حاجات کو پورا فرماتا ہے اور دعاؤں کو قبول فرماتا ہے اگلے صفحات میں حروف مقطعات کے وظائف، تعویزات اور نقوش مبارکہ کے حوالے سے مشکلات و پریشانیوں کا حل پیش کیا گیا ہے ان صفحات میں ہر ایک کی حاجت روائی اور مشکل کا حل موجود ہے۔

Arshman

# اولادِ نرینہ کا حصول

جو کوئی اولادِ نرینہ کی خواہش رکھتا ہو جب کہ اس کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں تو وہ اُس وقت یہ عمل کرے کہ جب اُس کی بیوی کو حمل ٹھہر جائے نمازِ عشاء کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر سات مرتبہ کٓھٰیٰعٓصٓ لکھے اور آبِ زمزم یا بارش کے پانی یا پاک صاف پانی سے دھو کر دونوں میاں بیوی پی لیں اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے اولادِ نرینہ کے حصول کے لیے دُعا مانگیں۔ سات یوم تک اسی طرح یہ عمل کریں بفضلِ باری تعالیٰ اس کی برکت سے نیک اور صالح بیٹے کی پیدائش ہو گی۔

## رزق میں اضافہ

جس کسی کا کاروبار ٹھپ ہو گیا ہو رزق میں کمی واقع ہوئی ہو تو وہ نمازِ فجر کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک سفید کاغذ پر یہ لکھے، المٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدُ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ۔

لکھنے کے بعد کسی گتے پر چسپاں کر کے اپنی دکان یا کاروبار کی جگہ پر لٹکا دے اور روزانہ بلاناغہ جب بھی دکان کھولے تو صبح کے وقت

اس کو دیکھ کر پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ دن بدن آمدنی میں اضافہ ہوتا جائے گا رزق میں خیر و برکت پیدا ہوگی اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## گمشدہ کے بارے میں معلوم کرنا

اگر کسی کا کوئی عزیز گم ہوگیا ہو اور اس کے بارے میں کوئی پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کس حالت میں ہے زندہ ہے یا مر چکا ہے تو اس مقصد کے لیے چاہیے کہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے کھٰیٰعٓصٓ لکھے اور یہ کاغذ اپنے سر کے نیچے رکھ کر قبلہ رُخ منہ کر کے لیٹ جائے اور درود پاک پڑھتا ہوا سو جائے انشاءاللہ تعالیٰ خواب میں اسے اس شخص کی حالت کے بارے میں اس طرح معلوم ہو جائے گا کہ اسے خواب میں ایک شخص اس کی طرف متوجہ دکھائی دے گا اور اس سے جو بھی سوال پوچھے گا وہ شخص اس کا بالکل صحیح جواب دے گا۔

## میاں بیوی میں ناچاقی

اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی ہو جس کی وجہ سے گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو کسی کے سمجھانے سے بھی یہ کشیدگی ختم نہ ہوتی ہو تو عامل کو چاہیے کہ وہ نماز فجر پڑھنے کے بعد ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے یہ لکھے۔

طٰسٓمٓ ۔ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۔

یہ لکھا ہوا تعویذ آبِ زمزم یا بارش کے پانی سے دھوکر دونوں کو پلا دے جو بھی پیئے گا انشاء اللہ تعالیٰ مطیع ہو جائے گا۔ میاں بیوی کے مابین ناچاقی دور ہو جائے گی ان کا آپس میں جھگڑا نہ ہو گا۔ اگر یہ پانی اپنے کسی ملازم کو بھی پلائے تو اس پر اس کے یہ اثرات مرتب ہوں گے کہ وہ مطیع و تابعدار ہو جائے گا کبھی مالک کو دھوکہ نہ دے گا وفاداری خوب زیادہ کرے گا۔

## ملازمت کا حصول

جو کوئی اپنی حسبِ منشاء ملازمت کے حصول کا خواہاں ہو یا یہ چاہتا ہو کہ پروردگارِ عالم اس کی روزی کا کوئی اچھا اور بہتر وسیلہ پیدا فرما دے تو وہ چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کو نمازِ تہجد ادا کرنے کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اور سات سو مرتبہ یہ پڑھے حٰمٓ

تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۔

اوّل و آخر سات سات مرتبہ درُود پاک پڑھے اس کے بعد بارگاہِ الٰہی میں اپنے مقصد کے حصول کے لیے دُعا مانگے ایک جمعرات سے دوسری جمعرات تک یعنی سات دن تک بلا ناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی بہت جلد روزگار حاصل ہو گا اگر سات یوم تک کامیابی نہ ہو تو گیارہ، اکیس اور چالیس یوم تک کرے بفضلِ

باری تعالیٰ ضرور فائدہ ہو گا۔

## ادائیگی قرض کے لیے

اگر کسی پر بہت زیادہ قرض ہو اور وہ قرض ادا کرنے کی سکت نہ رکھتا ہو جب کہ قرض خواہ اس کو بہت تنگ کرتے ہوں جس کی وجہ سے وہ پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ کسی طرح اس کے قرض کی ادائیگی کے اسباب پردۂ غیب سے پیدا ہو جائیں تو وہ باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ یہ لکھے۔

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ۔

لکھنے کے بعد تعویز کی طرح اپنے بازو پر باندھے اور ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد غیب سے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اس دوران قرض خواہ تنگ نہ کریں گے اس کے رزق میں بھی خوب اضافہ ہو گا اللہ تعالیٰ اس کے کاروبار میں خیر و برکت پیدا فرمائے گا۔ اس کو وافر مقدار میں رزق حلال میسر ہو گا۔

## چشم خلائق میں محترم ہونا

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں محترم و معزز ہو جائے جہاں بھی جائے لوگ اس کی عزت کریں تو وہ نماز عشاء کے بعد باوضو

حالت میں سفید کاغذ پہ عرقِ گلاب اور زعفران سے آلٓمّٓ سے وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ تک لکھے اور لکھنے کے بعد اس تعویز کو اپنی پگڑی یا ٹوپی میں یا نگینہ کے نیچے رکھ کر پہنے اس کے علاوہ روزانہ نماز فجر کے بعد اکیس مرتبہ پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ جہاں بھی جائے گا لوگ عزت واحترام سے پیش آئیں گے اُسے محسوس ہوگا کہ لوگ اسے عزت کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں اور اس کا احترام کرتے ہیں۔

## دفع نامردی کے لیے

اگر کوئی جماع کرنے پر قادر نہ ہو اور اس کی وجہ سے اس کی ازدواجی زندگی متاثر ہو رہی ہو اور سخت شرمندگی کا سامنا ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں سات مرتبہ یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کٓھٰیٰعٓصٓ ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَامُحَمَّدُ یَاقُرْآنُ تُعَافِیْنِیْ مِنَ الْعُنَّۃِ وَتَقْدِرُنِیْ عَلَی الْجِمَاعِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے نامردی کی کیفیت دور ہو جائے گی۔

Arshman Software

## مال چوری نہ ہو

اگر گھر یا دکان میں موجود مال کی حفاظت کرنا درکار ہو اور خدشہ ہو کہ کہیں کوئی چوری نہ کر لے تو وہ باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر الکرا سے تیفکرون تک لکھے اور اس پرچہ کو اپنے مال میں رکھنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھ کر گھر یا دکان کے چاروں کونوں میں پھونک مارے پھر یہ پرچہ مال میں رکھ دے۔ اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے گھر اور دکان کو اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔ کوئی مال چوری نہ کر سکے گا انشاء اللہ تعالیٰ مال محفوظ رہے گا۔

## حاکم مہربان ہو جائے

جو کوئی یہ چاہے کہ حاکم وقت اس پر مہربان ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں چینی کی صاف پلیٹ پر عرق گلاب اور زعفران کے ساتھ طٰہ سے الحسنیٰ تک نہایت یکسوئی و توجہ سے قبلہ رُخ بیٹھ کر لکھے اور کسی خوشبودار تیل سے دھو کر اس میں تھوڑا سا عنبر ملائے اور خوب اچھی طرح مکس کر کے ایک شیشی میں ڈال دے اور جب حاکم کے پاس جانا ہو تو اس میں سے تھوڑا سا تیل اپنی پیشانی پر مل کر حاکم کے سامنے جائے۔ حاکم کی نگاہ جیسے ہی اس پر پڑے گی وہ اس کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئے گا اور اس کے لیے مسخر ہو جائے گا۔

اسی طرح جس کسی سے بھی کوئی جائز کام ہو اسی طرح عمل کرکے اُس کے سامنے جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا کام اس کی منشاء کے مطابق ہو جائے گا۔

## شادی جلد ہو جائے

اگر کسی کی بیٹی یا بیٹے کی شادی نہ ہوتی ہو اور رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جاتا ہو جس کی وجہ سے گھر میں بہت پریشانی ہو تو اس مسئلہ کے حل کی غرض سے چاہیئے کہ نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اور اکیس مرتبہ درود پاک پڑھنے کے بعد عرق گلاب و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر یہ لکھے۔

طٰسٓ تف تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ۔

اس کاغذ کو تعویذ کی طرح تہہ کرے اور پھر اکیس مرتبہ پڑھے جو کچھ لکھا ہے اس کے بعد اکیس مرتبہ درود شریف پڑھے اور جس کے لیے یہ عمل کیا ہے اُس کے حق میں دعا مانگے اور اس تعویذ کو لڑکی یا لڑکے کے بازو پر باندھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جلد ہی کسی اچھی جگہ پر رشتہ طے ہو جائے گا اور جلد ہی شادی بھی ہو جائے گی۔

## حافظہ کی مضبوطی

اگر کسی کی یادداشت بہت زیادہ کمزور ہو ہر بات بھول جاتا ہو جس

کی وجہ سے اسے شرمندگی کا سامنا کرنا پڑتا ہو تو وہ باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد ایک سفید کاغذ پر زعفران، شہد خالص اور آب باراں سے یہ لکھے حٰمٓ عٓسٓقٓ سے الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ تک۔ پھر اس کاغذ کو آب زمزم میں دھو کر پی لے اکیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ پانی پیئے انشاء اللہ تعالیٰ حافظے کی کمزوری دور ہو جائے گی قوت حافظہ خوب مضبوط ہوگی حفاظ کرام اور ایسے طالب علم جن کو سبق یاد نہ رہتا ہو ان کا حافظہ کمزور ہو تو ان کے لیے یہ عمل بہت ہی فائدہ مند ہے۔

## سفر میں محفوظ رہے

جو کوئی ہوائی یا زمینی سفر پر جانا چاہتا ہو یا بحری سفر کی غرض سے کشتی یا بحری جہاز کے ذریعہ روانہ ہونا چاہتا ہو اور چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے تو وہ سفر پر روانہ ہونے سے قبل باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر عرق گلاب اور مشک کے ساتھ ایک سفید کاغذ پر اس طرح سے لکھے۔

نٓ ۔ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ سے خُلُقٍ عَظِيْمٍ۔

لکھنے کے بعد اس کو تعویز کی شکل میں اپنے بازو پر باندھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سفر کی صعوبتوں سے محفوظ رہے گا اس کا سفر بخیر و عافیت طے ہوگا اگر جنگل یا بیابان میں سفر کر رہا ہے تو جانوروں کی ایذا رسانی سے محفوظ رہے گا اس تعویز کی برکت سے بحری سفر میں آسانی

محسوس ہوگی دریا یا سمندر میں ڈوبنے سے بچاؤں گا ہوائی سفر کر رہا ہے تو اس کے دوران بھی کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

## حاکم کا خوف دور ہو

جو کوئی اپنے افسر یا حاکم سے بلاوجہ خوفزدہ رہتا ہو اور اس کے دل پر ان کی ہیبت چھائی رہتی ہو جس کی وجہ سے کوئی بھی کام اُس سے ٹھیک طرح نہ ہوتا ہو اور پریشانی میں مبتلا رہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ اکیس مرتبہ یہ پڑھے۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ ۔ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔

پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہوگی اس کے دل سے افسران بالا اور حاکم وقت کا بلاوجہ خوف دور ہو جائے گا۔ افسران اس کے ساتھ مہربانی سے پیش آئیں گے اور اللہ تعالیٰ اسے افسران کے غیظ و غضب سے محفوظ رکھے گا۔

## رنج و غم دُور ہو جائے

جو کوئی کسی ایسے رنج و غم میں مبتلا ہو کہ کسی بھی طرح غم کا بوجھ اس کے دل سے ہلکا نہ ہوتا ہو ہر وقت غمگینی چھائی رہتی ہو تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے یہ لکھے۔

یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۔ لکھنے کے بعد تعویذ کی شکل میں

غم زدہ کے بازو پر باندھ دے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو سکون مل جائے گا اور دل سے غم کا بوجھ دور ہو جائے گا۔

## بچے کا بلاوجہ رونا

اگر کسی کی بچی یا بچہ بلاوجہ روتا رہتا ہو اور فضول ضد کرتا ہو کسی بھی طرح اس کی یہ عادت ختم نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرقِ گلاب اور زعفران سے یہ لکھے۔

طٰسٓ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۝

پھر اس کو تہہ کر کے اور تعویذ کی طرح بچے کی گردن میں ڈال دے ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ بلاوجہ رونا بند کر دے گا اور فضول ضد بھی نہیں کرے گا خواب میں نہیں ڈرے گا اور سکون کی نیند سوئے گا۔

## دماغی کمزوری کے لیے

جو کوئی دماغی کمزوری کی وجہ سے مرضِ نسیان کا شکار ہو گیا ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو کوشش کے باوجود بھول جاتی ہو تو دماغی کمزوری دور کرنے اور قوتِ حافظہ کی مضبوطی کی غرض سے چاہیے کہ نمازِ فجر کے بعد باوضو حالت میں جب کہ اس دن روزہ رکھا ہوا ہو قبلہ رُخ بیٹھ کر چینی کی صاف پلیٹ پر عرقِ گلاب و زعفران سے پوری توجہ کے ساتھ الٓمٓ سے مفلحون تک لکھے اور افطاری کے وقت

اُس پلیٹ کو صاف پانی سے دھوئے اور اس پانی سے روزہ افطار کرے اسی طرح تین دن تک بلاناغہ یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ دماغ کو تقویت حاصل ہوگی مرضِ نسیان جاتا رہے گا اور قوتِ حافظہ خوب مضبوط ہو جائے گی۔

## جان و مال کو نقصان نہ پہنچے

اگر کسی کا باغ یا کھیتی ہو اور اس بات کا خطرہ ہو کہ جانور اور پرندے نقصان پہنچائیں گے یا وہ نقصان پہنچاتے ہوں اور اگر وہ اپنے باغ یا کھیت کی حفاظت کی غرض سے رات کے وقت اس مقام پر ٹھہرنے کا خواہاں ہو لیکن اُسے درندوں وغیرہ سے اپنی جان کا خطرہ بھی درپیش ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ اس مقام پر پہنچ کر باوضو حالت میں اکتنر مرتبہ یہ پڑھے۔

یَا اللّٰہُ اِحفظ امۃ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
بحق یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ط

پڑھ کر اپنے اوپر بھی دم کرے اور پانی پر بھی دم کرے پھر اس پانی کو باغ یا کھیت کے چاروں اطراف میں چھڑک دے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کی کھیتی اور وہ خود محفوظ رہے گا جانور اور پرندے اس کی کھیتی کو نقصان نہ پہنچائیں گے اور نہ ہی اسے کسی قسم کا کوئی نقصان پہنچا سکیں گے اس کی برکت سے حشرات الارض کی طرف سے بھی قسم کا نقصان

نہ پہنچے گا پروردگار عالم ہر طرح کے نقصان سے محفوظ رکھے گا۔

## اولاد پیدا ہو

اگر کوئی اولاد کی نعمت سے محروم ہو اور شدید خواہش ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے بھی اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے مگر عورت کو حمل قرار نہ پاتا ہو یا حمل ضائع ہو جاتا ہو تو مقصد میں کامیابی کی غرض سے نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے یہ لکھے۔

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ بَلِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا
فِیْ عِزَّۃٍ وَّشِقَاقٍ ۝

لکھنے کے بعد تازہ صاف پانی میں گھول کر عورت کو پلائے اکتالیس یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ حمل قرار پا جائے گا پروردگار عالم نیک اور صالح اولاد نرینہ عطا فرمائے گا اس کے علاوہ جو کوئی اولاد نرینہ کی خواہش رکھتا ہو اس کے ہاں بیٹے کی پیدائش نہ ہوتی ہو تو وہ بھی اس کو پانی میں گھول کر اکتالیس یوم تک بلا ناغہ اپنی بیوی کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے ہاں بیٹے کی پیدائش ہوگی۔

## جادو کے اثرات ختم کرنا

اگر کسی پر جادو کا وار کیا گیا ہو اور وہ اس کے اثرات سے کسی بھی طرح نکل نہ پا رہا ہو تو عامل کو چاہیئے کہ جادو کا اثر دور کرنے کی غرض سے

قمری مہینہ کی چودہ تاریخ کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ اکہتر مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر اکہتر مرتبہ یہ پڑھے۔

طٰسٓمٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝

اس کے بعد پھر اکہتر مرتبہ درود شریف پڑھے اور ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و مشک سے تین مرتبہ مذکورہ بالا کلمات لکھے اور جس پر جادو کیا گیا ہے تعویز کی طرح اس کے بازو پر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا اللہ تعالیٰ مہربانی فرمائے گا۔

## حاجت روائی کے لیے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی حاجت بہت جلد پوری ہو جائے جبکہ اس کی حاجت جائز اور نیک ہو تو اُسے چاہیئے کہ اپنے مطلوبہ مقصد میں کامیابی کے لیے نماز تہجد پڑھے سلام پھیرنے کے بعد اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور قبلہ رُخ ہی بیٹھا رہے پھر ایک سفید اور پاک صاف کپڑے پر عرق گلاب و زعفران سے نہایت محبت و عقیدت کے ساتھ گیارہ مرتبہ کٓھٰیٰعٓصٓ لکھے اور اس کپڑے کو اپنی پگڑی یا ٹوپی کے اندر رکھے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی حاجت روائی ہو جائے گی پروردگار عالم حاجت روائی کے اسباب فوری طور پر پیدا فرما دے گا۔ اس کے علاوہ اگر کوئی مالی پریشانی میں مبتلا ہو تو اللہ تعالیٰ

کے فضل وکرم اور اس تعویذ کی برکت سے مالی پریشانی بھی دور ہو جائے گی مگر چاہیئے کہ تعویذ کے ادب کا لحاظ رکھے پلید جگہ پہ نہ پڑے گر نہ جائے اور اپنے آپ کو پاک صاف رکھا کرے۔

## ملازمت کا حصول

اگر کوئی اپنی حسبِ منشا ملازمت کے حصول کا خواہاں ہو یہ چاہتا ہو کر کوئی اچھی اور اعلیٰ ملازمت جلد سے جلد مل جائے جبکہ اس ملازمت کے لیے اس کے پاس مطلوبہ قابلیت بھی موجود ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پہ الٓمّٓصٓ سے مَانذکرون لکھے اور چاندی کی انگوٹھی میں نگینہ کے نیچے رکھ کر پہنے اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد جو لکھا ہے وہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کے لیے دُعا مانگے بفضلِ باری تعالیٰ بہت جلد حسبِ منشاء ملازمت کا حصول ممکن ہو جائے گا اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## دردِ زہ میں کمی کے لیے

اگر کسی حاملہ کو بچے کی ولادت کے وقت بہت زیادہ تکلیف محسوس ہوتی ہو تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں پانچ سو مرتبہ قٓ ج وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ پڑھ کر پانی پر دم کر لیا جائے اور جب حاملہ دردِ زہ میں مبتلا ہو تو اُس کو یہ دم کیا ہوا پانی پلا دیا جائے انشاءاللہ تعالیٰ دردِ زہ میں کمی واقع

ہو جائے گی اور بچے کی ولادت میں آسانی ہو گی اس کے علاوہ درد زہ میں مبتلا عورت اگر اس کا بکثرت ورد کرے تو اس سے بھی اس کے درد زہ میں کمی ہو گی اس کی مشکل آسان ہو جائے گی اور جلد بچے کی ولادت ہو جائے گی۔

## نقاہت دُور کرنا

اگر کوئی کسی بیماری کی وجہ سے اس قدر کمزور ہو گیا ہو کر اسے بہت زیادہ نقاہت محسوس ہوتی ہو نقاہت میں کمی واقع نہ ہوتی ہو تو چاہیئے کر ایک سفید کاغذ پر باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے یہ لکھے یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۔ پھر اس کو تہہ کر کے تعویز کی طرح مریض کے بازو پر باندھ دے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نقاہت دور ہو جائے گی اور دان بدن جسم میں قوت پیدا ہو گی پروردگار عالم شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## مرگی اور آسیب کا خاتمہ

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو یا مرگی کے عارضہ میں مبتلا ہو تو اس کی شفایابی کے لیے یہ عمل نہایت مؤثر و مجرب ہے اس سے آسیب دور ہو جاتا ہے اور مرگی کے مرض سے نجات حاصل ہوتی ہے اس مقصد کے لیے آسیب زدہ کو سامنے بٹھا کر باوضو حالت میں پانی پر سورۂ

فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور سورہ جن کے شروع کی پانچ آیات مبارکہ پڑھ کر دم کرے اور اس کے منہ پر چھینٹا مارتے ہوئے یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓمٓصٓ طٰہٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ حٰمٓعٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ۔

مرگی کے مریض کے لیے بھی اسی طرح عمل کرے پروردگار عالم کے فضل وکرم سے آسیب دفع ہوجائے گا اور آسیب زدہ کی حالت ٹھیک ہو جائے گی اور آسیب کا خلل واقع نہ ہوگا مرگی کا مرض اکیس یوم کے بلاناغہ عمل سے انشاءاللہ تعالیٰ جاتا رہے گا اور اللہ رب العزت مریض کو شفائے کاملہ مرحمت فرمائے گا۔

## حاکم مہربان ہو جائے

حاکم وقت کو مسخر کرنے اور اس کی خصوصی توجہ حاصل کرنے کی غرض سے اور حاکم کا خوف دور کرنے کے لیے حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو حاکم وقت سے کوئی جائز کام ہو اور وہ حاکم کے سامنے جانے سے ڈرتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ جب حاکم کے سامنے جائے تو باوضو حالت میں جائے اور نہایت توجہ کے ساتھ یہ پڑھے۔

کٓھٰیٰعٓصٓ کُفِیْتُ حٰمٓعٓسٓقٓ حُمِیْتُ۔

اس کو پڑھنے کا طریقہ ہے کہ دائیں ہاتھ کی ہر انگلی کو بند کرے پہلے لفظ کے ہر حرف کے تلفظ کے ساتھ اور بائیں ہاتھ کی ہر انگلی کو بند کرے لفظ ثانی کے ہر حرف کے نزدیک۔ پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیاں بند کرتا جائے پھر دونوں کو کھول دے اللہ رب العزت کے فضل و کرم سے حاکم مہربانی سے ساتھ پیش آئے گا یہ نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے اور تسخیر حکام کے لیے بہت ہی خوب ہے۔

## بانجھ پن کا علاج

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اُسے حمل قرار نہ پاتا ہو اولاد کی نعمت سے محروم ہو اور شدید خواہش رکھتی ہو کہ پروردگار عالم اسے بھی اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے تو وہ نماز پنجگانہ کی پابندی کرے اس کے علاوہ عامل کو چاہیے کہ وہ چاند کی پہلی جمعرات کو نماز عشاء پڑھنے کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد اذا جاء نصر اللہ پڑھے پھر سلام پھیرنے کے بعد قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب، مشک و زعفران سے یہ تعویذ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

علی علی علی علی علی علی علی طٰہٰ طٰہٰ طٰہٰ طٰہٰ طٰہٰ

طہ طہ کھیعص کھیعص کھیعص کھیعص کھیعص
کھیعص کھیعص حمعسق حمعسق حمعسق حمعسق حمعسق
حمعسق حمعسق ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو الا الا الا
الا الا الا الا وصلی اللہ علیٰ سیدنا محمد وآلہ الطیبین
الطاہرین برحمتک یا ارحم الراحمین ط

لکھنے کے بعد عورت کو دے کر وہ باوضو حالت میں اس کو اپنے گلے میں ڈالے یہ تعویذ اگلے دن ظہر کی نماز پڑھنے کے بعد پہنے اس شب عورت کا خاوند اس سے مباشرت کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ عورت کو حمل قرار پا جائے گا اس کا بانجھ پن پروردگار عالم کے فضل وکرم سے ختم ہو جائے گا اللہ تعالیٰ اس کی دلی مراد کو پورا فرما دے گا اور اولاد کی نعمت سے نوازے گا۔

## تسخیر خلائق کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ ہر کوئی اس کے تابع ہو جائے جہاں بھی جائے لوگ اس کی عزت کریں اسے سر آنکھوں پر بٹھائیں جس کام کی طرف رجوع کرے اسے کامیابی کامرانی حاصل ہو تو اس ضمن میں جناب شیخ ابو بکر بن وحشیہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ لوح قرآنی میں سے المص کے حرف چاندی کی مربع شکل کی انگوٹھی پر اس وقت کندہ کرائے جب کہ طالع حمل میں اور آفتاب حمل کے درجہ شرف میں اور مریخ کے متصل تسدیس یا تثلیث سے ہو اور وہ دونوں ہی نظر منحوس سے سالم ہوں پھر جب کندہ

کرائے تو زعفران اور سندروس اور گوگل ازرق کی دھونی دے کر کسی زرد رنگ کے پاک اور صاف کپڑے میں لپیٹ کر تین دن تک اپنے پاس رکھے پھر اس انگوٹھی کو نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اپنے ہاتھ کی انگلی میں پہن لے المص کا نقش یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | ل | م | ص |
| ل | م | ص | ا |
| م | ص | ا | ل |
| ص | ا | ل | م |

اس نقش کی انگوٹھی پہننے سے چشم خلائق میں معزز و مقبول ہوگا ہر اچھے کام میں اسے کامیابی ملے گی اگر کسی عہدہ کا خواہاں ہوگا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس عہدہ پر جلد فائز ہوگا جس حاکم یا افسر کے پاس جائے گا اس کا مطیع ہوگا اور حسب منشا کام کرے گا جو کوئی اس کو دیکھے گا وہی اس کی عزت اور حاجت روائی کرے گا جس کے ہاتھ میں یہ انگوٹھی ہوگی اس کے لیے ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔

# فراخئ رزق کے لیے

جو کوئی فراخی رزق کا خواہاں ہو کاروبار میں ترقی و اضافے کے لیے کوشاں ہو رزق حلال میں خیر و برکت چاہتا ہو تو وہ باوضو حالت میں خمعسق کے حروف طبعیہ کو چاندی کی انگوٹھی پر اس وقت کندہ کرائے کہ طالع برج حوت میں جبکہ مشتری بُرج قوس کے دسویں درجہ یا بُرج حوت کے اپنے درجہ میں ہو یا طالع بُرج سرطان میں جب کہ مشتری اپنے درجہ شرف میں مسعود قوی۔ مقبول رجوع اور احتراق سے سالم ہو کندہ کرانے کے بعد عود اور عنبر سے دھونی دے۔ (حروف طبعیہ) خمعسق کے عربی اردو اور طبعی حروف کی شکل یہ ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۵۷۶ | س۴ ۶ | ۴۷۶ | س۶حا | ق اق |
| م۴ما | ۴۷۶ | س ۶ حا | ق ا ۶ | ۶۷۶ |
| ۲۱۸ | ۲۱۹ | ۲۲۹ | ۱۲۷ | ۱۸۱ |
| ۱۹۹ | ۲۱۵ | ۳۱۹ | ۴۲۷ | ۹۲۸ |
| ۱۱۷ | ۲۲۸ | ۱۳۷ | ۱۴۸ | ۱۱۵ |

انگوٹھی کو باوضو حالت میں پہنے اور اس بات کا خاص طور پر خیال رکھے کہ گندی جگہ پر اس کو لے کر نہ جائے پیشاب اور پاخانے کے وقت جاتے ہوئے اس کو ساتھ نہ لے کر جائے اس لوح کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ

بے شمار فوائد حاصل ہوں گے رزق حلال میں کشادگی و فراخی ہوگی جو بھی جائز کاروبار کرے گا اس میں دن بدن ترقی ہوگی ہر حاجت پوری ہوگی چشم خلائق میں معزز و معتبر ہو جائے گا اگر کسی حاکم کے ہاتھ میں یہ انگوٹھی ہوگی تو اُسے ہر معاملے میں کامیابی ہوگی اللہ رب العزت اپنے فضل و کرم سے اُسے نوازے گا وہ اپنے مقابل دشمن پر ہمیشہ فتح حاصل کرے گا۔ اسے کبھی ہزیمت نہیں اُٹھانی پڑے گی جب تک انگوٹھی اس کے پاس رہے گی وہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔

## نارو کا علاج

اگر کوئی نارو کے عارضہ میں مبتلا ہو اور کسی بھی طرح آرام نہ آتا ہو تو اس کا شافی علاج یہ ہے کہ باوضو حالت میں گندم کے آٹے کی تازہ روٹی پر نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ اکتالیس مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات مبارکہ پڑھ کر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمٓ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

اس کے بعد یہ دم کی ہوئی روٹی مریض کو کھانے کے لیے دے اور اس بات کا حکم دے کہ گھی اور تیل اور ہر ایک قسم کا روغن اور

گوشت، دودھ اور مٹھائی وغیرہ کھانے سے پرہیز کرے صرف گندم کی بنی ہوئی روٹی ہی اسی طرح دم کرنے کے بعد کھائے انشاء اللہ تعالےٰ چند دنوں میں سے شفا حاصل ہوگی۔

## کشائش رزق کے لیے

جس کسی کے مالی حالات ٹھیک نہ ہوں آمدنی بہت کم ہو اور گھر کے اخراجات زیادہ ہوں اور وہ چاہتا ہو کہ اسے وافر مقدار میں رزق حلال میسر ہو تو وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ الٓمٓ سے مفلحون تک اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے رزق حلال میں خیر و برکت پیدا ہوگی غیب سے رزق کی وافر فراوانی کے اسباب پیدا ہوں گے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رزق کی تنگی دور ہو جائے گی۔

## پیداوار میں برکت

اگر کسی کھیت کی پیداوار بہت ہی کم ہوگئی ہو یا جو درخت بہت کم پھل دیتا ہو اور اس کی پیداوار پہلے کے مقابلے میں کم ہوتی جا رہی ہو تو باوضو حالت میں چار سفید کاغذوں پر عرق گلاب و زعفران سے قبلہ رُخ بیٹھ کر الٓمٓ سے یتفکرون تک لکھے یہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد لکھے اور تھوڑے سے پانی میں بھگو کر رات بھر کے لیے رکھ دے پھر نماز

فراً ادا کرنے کے بعد یہ پانی اس درخت پر چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ اگر درخت سوکھ بھی گیا ہوگا تو وہ ہرا ہو جائے گا اور اس درخت پر بہت زیادہ پھل آنا شروع ہو جائیں گے اور اگر جس کھیت کی پیداوار کم ہوگئی ہو تو یہ پانی اس کھیت کے چاروں کونوں میں ڈال دے بفضل باری تعالیٰ اس کھیت کی پیداوار میں بھی برکت پیدا ہو جائے گی اور پیداوار بڑھ جائے گی اس کے علاوہ کھیتی ہر طرح کی زمینی اور آسمانی آفات سے محفوظ رہے گی پروردگارِ عالم اُس کھیت کی پیداوار کو ہر طرح کی آفات سے محفوظ رکھے گا۔

## دشمن پر فتح حاصل ہو

اگر کوئی ظالم دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کا خواہاں ہو اور کفار کے ساتھ مقابلہ آن پڑا ہو جس میں فتح و کامیابی حاصل کرنا چاہتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ قمری مہینہ کے پہلے جمعہ کو نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید اور پاک و صاف کپڑے کے ٹکڑے پر عرق گلاب اور زعفران سے اکیس بار کھٰیٰعٓصٓ لکھے اور اکیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس پر دم کرے اور اپنے بازو پر باندھ کر دشمن کے مقابلے پر جائے۔ اللہ تعالیٰ کی مدد اس کے شاملِ حال ہوگی اور دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ فتح مبین حاصل ہوگی۔

# حکام پر رعب

جس کسی کو اس بات کی خواہش ہو کہ حکام اور سرکاری افسران کے دلوں پر اس کا رعب اس طرح سے طاری ہو جائے کہ وہ جب ان کے سامنے جائے وہ اس کی عزت کریں اور اس کے ساتھ اچھے طریقے سے پیش آئیں اس کا جو بھی جائز کام ہو اس کی حسب منشا کر دیں تو کسی نیک شخص سے باوضو حالت میں عقیق پر حروف مقطعات میں سے طٰسٓمٓ کندہ کرائے اور چاندی کی انگوٹھی میں یہ نگینہ جڑ کرا لیتے دائیں ہاتھ میں پہنے اس کے علاوہ نماز پنجگانہ کی پابندی کرے اپنے آپ کو پاک صاف رکھا کرے اس انگوٹھی کو پہن کر جس کے پاس بھی جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کی عزت کرے گا اُس کا رعب دیکھنے والے کے دل پر قائم ہو گا۔

# پریشانی اور مشکل سے بچاؤ

اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ کسی بڑی پریشانی کا شکار نہ ہو کسی ایسی مشکل میں مبتلا نہ ہو کہ جو آسان نہ ہو اور جلدی حل نہ ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں طلوع آفتاب سے پہلے قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے یہ لکھے۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ ٥ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۔

لکھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اور اس کاغذ کو تعویز کی طرح اپنے بازو پہ باندھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہر مشکل و پریشانی سے بچا رہے گا اس تعویز کی برکت سے شیطان اس پر غلبہ حاصل نہ کر سکے گا اس کو کسی بڑی آفت کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اس پر کسی جن و آسیب کا سایہ نہ ہوگا جہاں بھی جائے گا لوگ اس کی عزت کریں گے اس کی زندگی نہایت خوش و خرم اور اچھی گزرے گی چشم خلائق میں مقبول و معزز ہوگا اس کے دل میں برائی سے نفرت پیدا ہو جائے گی اور نیکی کے کاموں کی طرف رغبت کرے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کی بدولت، ہر موذی مرض سے محفوظ رکھے گا ہر طرح کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا اس تعویز کی بے شمار برکات ہیں مگر اس کو بازو پر باندھنے والے کے لیے لازم ہے کہ وہ نماز پنجگانہ کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کرے اور دیگر فرائض و واجبات کی ادائیگی کا بھی اہتمام کرے تاکہ اس تعویز کی برکات سے کماحقہ طور پر مستفید ہو سکے۔

## شیطانی تصورات سے بچاؤ

جس کا دل شیطانی تصورات و وساوس کی آماجگاہ بن چکا ہو

ہر وقت بُرے اور گندے خیالات آتے رہتے ہوں اور طبیعت بُرائی کے کاموں کی طرف راغب اور خواہش رہتی ہو جس کی وجہ سے اسے پریشانی اور الجھن محسوس ہوتی ہو اور چاہتا ہو کہ کسی طرح شیطان کے غلبہ سے نجات حاصل ہو جائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ نماز پنجگانہ باجماعت پڑھنے کی عادت ڈالے اور ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ آ پڑھے سو مرتبہ ورد کرنے کے بعد اپنے قلب پر دم کرے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اس کے علاوہ ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے سفید کاغذ پر یہ لکھے۔

آ آ آ آ آ

لکھنے کے بعد آ کا ورد کرتے ہوئے اپنے بائیں بازو پر باندھ لے اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ باطنی صفائی ہو جائے گی دل سے شیطان کا غلبہ ختم ہو جائے گا دل میں بُرے اور گندے خیالات جنم نہ لیں گے اور طبیعت نیکی کے کاموں کی طرف راغب ہو گی۔

## تسخیرِ حاکم کے لیے

اگر کسی ظالم حاکم یا ظالم دشمن کے شر سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو اور ظالم حاکم یا دشمن بلاوجہ نقصان پہنچانے کے درپے ہوں تو اس کے بچاؤ کے لیے حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ظالم حاکم یا دشمن کے سامنے جانا مقصود ہو تو کھیعص حمعسق

اس طرح پڑھے کہ پڑھنے کے ساتھ ہی دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بند کر دے پھر سورۂ فیل کی تلاوت اس کا تصور کر کے اس طرح سے پڑھے کہ لفظ "ترمیہم" کو دس مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ ایک انگلی کھول دے انشاءاللہ تعالیٰ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ ظالم حاکم یا دشمن کسی بھی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

## بواسیر کا علاج

بواسیر کے مرض میں مبتلا مریض کے شافی علاج کی غرض سے طلوع آفتاب کے وقت باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے چینی کی پلیٹ پر یہ تعویز لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ،
الٓمّٓ الٓمّٓصٓ - الٓرٰا - قٓ - نٓ - الٓمّٓرٰا - كٓهٰيٰعٓصٓ - حٰـمٓ
طٰهٰ - صٓ - يٰسٓ - طٰسٓمّٓ - طٰسٓ -

اس لکھی ہوئی پلیٹ کو صاف پانی سے دھوئے اور پانی ایک پیالے میں ڈالے پھر اس پانی میں چاندی کا چھلا سات مرتبہ گرم کر کے بجھا دے پھر بواسیر کے مریض کو یہ چھلا پہنا دے توانشاءاللہ تعالیٰ مرض دور ہوگا اور شفائے کاملہ نصیب ہوگی اس کے علاوہ اگر درد زہ میں مبتلا عورت یہ تعویز اپنی کمر میں باندھے تو بفضل باری تعالیٰ بچہ کی ولادت میں آسانی ہوگی۔

# غائب کے بارے میں معلوم کرنا

اگر کسی کا کوئی عزیز غائب ہو گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ معلوم نہ ہو تا ہو کہ وہ کس حال میں ہے زندہ ہے یا مُردہ ہے تو اس کے بارے میں جاننے کی غرض سے علامہ سنوسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے مجموعہ مجربات میں تحریر فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ اپنے کسی عزیز یا دوست کو خواب میں دیکھ کر یہ معلوم کرنا چاہتا ہو کہ وہ زندہ ہے یا مردہ ہے تو اُسے چاہیئے کہ وہ پاک صاف کپڑے پہن کر ایک خالی مکان میں جائے جہاں پر کہ کوئی اور موجود نہ ہو اور نہ کسی کی مداخلت کا امکان ہو باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھے اور ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے یہ نقش لکھے۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| د | ل | م | ص |
| ل | م | ص | د |
| م | ص | د | ل |
| ص | د | ل | م |

یہ عمل نماز عشاء کی ادائگی کے بعد کرے پھر دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۃ والشمس پڑھے دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ واللیل پڑھے

سلام پھیرنے کے بعد بکثرت درود پاک پڑھے اور جو اَلْمُتَعَن کا نقش لکھا ہے اس کو اپنے سرہانے رکھ کر پاک صاف بستر پر لیٹ کر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ جس غائب شخص کے بارے میں جاننے کے لیے عمل کیا ہے خواب میں اس کے بارے میں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کس حالت میں ہے۔

## گھر میں چوری نہ ہو

جس گھر میں مال و دولت ہو اور اس کے چوری ہو جانے کا خدشہ ہو تو گھر میں سے کوئی بھی فرد جو نماز پنجگانہ کا پابند ہو وہ یقین کامل کے ساتھ روزانہ باوضو حالت میں پانچ مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ احْفَظْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

بِحَقِّ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ۔

پڑھتے ہوئے پانچ مرتبہ ہی دستک دے تو انشاء اللہ تعالیٰ گھر چوری سے محفوظ رہے گا کوئی چور اور ٹھگ چوری کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے گا پروردگار عالم تمام گھر کو اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## سفر بخیریت طے ہو

جو کوئی سفر پر روانہ ہو رہا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کا سفر بخیر و عافیت طے ہو سفر میں کسی قسم کی مشکل پیش نہ آئے اس کی جان و مال سلامت رہے تو وہ روانہ ہونے سے قبل باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و

زعفران سے محبت وعقیدت کے ساتھ حٓمٓ سے عِزَّۃٍ وَّشِقَاقٍ تک لکھے اور تعویز کی طرح اپنے بازو پر باندھ لے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کی بدولت وہ سفر کی صعوبتوں سے محفوظ رہے گا راستے میں ٹھگوں اور رہزنوں کے حملے سے بچا رہے گا اس تعویز کی برکت سے سفر کامیاب اور حسبِ منشا طے ہوگا سفر سے واپسی بھی عافیت کے ساتھ ہوگی۔

## مضبوط یادداشت کے لیے

جس کسی کا حافظہ بہت زیادہ کمزور ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو تو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب، زعفران اور خالص شہد سے یہ لکھے۔

یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ

اس کے بعد پانی سے دھو کر صبح نہار منہ پی لے روزانہ بلاناغہ اکیس یوم تک یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ یادداشت خوب مضبوط ہو جائے گی حافظے کی کمزوری ختم ہو جائے گی طالب علموں اور دیگر دماغی کام کرنے والوں کے لیے نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

## کاروبار میں تیزی کے لیے

اگر کسی کا اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار ٹھپ ہو گیا ہو اور دن بدن

کاروبار مندے کا شکار ہوتا جاتا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کے کاروبار میں ترقی عطا فرمائے تو وہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے گیارہ مرتبہ طٰسٓ لکھے اور کسی گتے پر چسپاں کرکے کاروبار کی جگہ پر اس طرح لٹکا دے کہ جب روزانہ کارخانہ یا دکان کھولے تو کھولتے ہی اس پر نگاہ پڑے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے دنوں میں ہی کاروبار میں اضافہ ہو گا اور رزق حلال میں خوب خیر و برکت پیدا ہو گی۔

## دشمن نقصان نہ پہنچا سکے

جو کوئی یہ چاہتا ہے کہ وہ ظالم دشمن کے شر سے محفوظ رہے دشمن اس پر غلبہ حاصل نہ کر سکے بلکہ مغلوب ہو جائے اور کسی بھی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکے تو وہ نماز عصر پڑھنے کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر عرق گلاب زعفران سے ایک سفید کاغذ پر اکیس مرتبہ طٰلہ لکھ کر اکیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرے اور اس کاغذ کو تعویز کی طرح لپیٹ کر اپنے بازو پر باندھ لے اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اس کا دشمن بفضل باری تعالیٰ ناکام و مغلوب ہو گا دشمن کا سامنا ہونے پر بھی دشمن کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔

## غم دور ہو جائے

اگر کسی کا دل اس قدر کمزور ہو کہ کوئی بھی رنج و غم برداشت نہ کر سکتا ہو

اور ہر ناخوشگوار واقعہ کا اس قدر اثر لیتا ہو کہ کئی کئی مہینوں تک غم کا بوجھ اس کے دل سے ہلکا نہ ہوتا ہو اور وہ غمگین رہتا ہو ہر وقت اُس پر اُداسی چھائی رہتی ہو تو اگر وہ یہ چاہتا ہو کہ اس کے دل سے غم کا بوجھ ختم ہو جائے اور اسے خوشی و مسرت حاصل ہو جائے تو وہ کسی نیک آدمی سے چاندی کی انگوٹھی پر باوضو حالت میں کہٰیٰعٓصٓ کندہ کروائے اور نماز عصر کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی میں پہن لے اور دونوں ہاتھ اُٹھا کر بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے اللہ رب العزت اپنے فضل و کرم سے اسے سکون قلبی عطا فرمائے گا اس کے دل سے غم کا بوجھ اُتر جائے گا اور طبیعت میں خوشی و مسرت کے جذبات پیدا ہوں گے۔

## شہرت و ناموری کے لیے

جو کوئی اچھی شہرت و ناموری کا خواہاں ہو اور چاہتا ہو کہ وہ چشم خلائق میں مقبول و معزز ہو جائے تو وہ ماہ شعبان کے ایام بیض میں خلوص نیت کے ساتھ روزہ رکھے اور نمک کے ساتھ روزہ افطار کرے اور جب کھانا کھائے تو جَو کی روٹی، سبزی اور سرکہ کے ساتھ کھائے نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں اُسی جگہ پر قبلہ رُخ بیٹھا رہے اور نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ایک سو گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اس دوران کسی سے کوئی کلام نہ کرے اور نہ کسی اور کام کی طرف توجہ کرے پھر عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد سنت و نوافل پڑھ کر فارغ ہو جائے تو

صلوٰۃ التسبیح پڑھے سلام پھیرنے کے بعد ایک سفید کاغذ پر اَلَسَّوا
سے افلا تذکرون تک عرق گلاب اور زعفران سے لکھے۔ پھر جب سونے
لگے تو باوضو حالت میں پاک صاف کپڑے پہن کر بستر پر بیٹھے اور لکھا ہوا کاغذ
اپنے سرہانے کے نیچے رکھ کر اس پر سر رکھے اور سو جائے نماز فجر کے وقت
اُٹھے اور وضو کرنے کے بعد اس کاغذ کو تعویذ کی طرح لپیٹ کر اپنے بازو
پر باندھ لے اس کے بعد نماز فجر کی ادائیگی کے لیے جائے۔ صبح کے
وقت جہاں بھی جائے گا ہر کسی کے دل میں اپنے لیے محبت و عزت پائے
گا لوگ اس کے مشتاق ہوں گے جس کام میں شہرت و ناموری کا خواہاں
ہے اُس میں اس قدر کامیابی ہوگی کہ پروردگار عالم اپنی خصوصی مہربانی اس پر
نازل فرمائے گا اور اس کو چشم خلائق میں مقبول و معزز بنا دے گا۔

## درخت خوب پھل دے

اگر کوئی درخت یا بہت سے درخت خوب پھل دیتے ہوں اور ان کی
پیداوار بہت زیادہ ہو مگر رفتہ رفتہ ان کے پھل میں کمی واقع ہوگئی ہو اور بہت
ہی کم پھل دینا شروع ہو گئے ہوں تو درختوں کے پھلوں میں فراوانی و
اضافے کی غرض سے چاہیئے کہ باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے
چینی کی پلیٹ پر محبت و عقیدت کے ساتھ حٰم سے کَذٰلِکَ الْخُرُوْج
تک لکھے اور اس کو آب باراں سے دھو کر یہ پانی درختوں کی جڑوں میں ڈال
دے اگر کھیت کی پیداوار میں کمی واقع ہوگئی ہو تو کھیت کے چاروں کونوں

میں ڈالے انشاءاللہ تعالیٰ درختوں پر خوب پھل آئیں گے اور کھیت کی پیداوار میں بھی خوب اضافہ ہوگا۔

## بچے کا چڑچڑاپن

اگر کوئی بچہ بہت زیادہ چڑچڑا ہو گیا ہو بات بات پر روتا ہو اور اکثر رات کے وقت سوتے ہوئے چونک کر اٹھ جاتا ہو اور بلا وجہ رونا شروع کر دیتا ہو یا صبح سویرے جب اٹھتا ہو تو روتا ہوا اٹھتا ہو اکسی بھی طرح چپ نہ ہوتا ہو اپنی مرضی سے ہی رونا بند کرتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے ایک سفید کاغذ پر یہ لکھے۔

حق حق حق حق حق

لکھنے کے بعد تعویذ کی طرح بنا کر بچے کے گلے میں ڈال دے چند دنوں میں ہی بچے کا چڑچڑاپن ختم ہو جائے گا اسے سکون کی نیند آئے گی بلاوجہ رونا بند کر دے گا اور تنگ نہیں کرے گا اس تعویذ کی برکت سے بچے کی صحت بھی ٹھیک ہو جائے گی۔

## قرض سے نجات

جس کے ذمہ بہت سا قرض ہو اور جلد ادا کرنے کی سکت نہ رکھتا ہو جب کہ ادائیگی قرض کی کوئی ممکن صورت بھی دکھائی نہ دیتی ہو اور مالی حالات بھی کچھ اچھے نہ ہوں تو وہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ایک

سفید کاغذ پر طٰسٓ سے مُبین تک لکھے اور تعویز بنا کر اپنے پاس رکھے۔ پاکی پلیدی کا خاص طور پر خیال رکھے اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالےٰ قرض خواہ تنگ نہ کریں گے اور قرض کی جلد ادائیگی کے اسباب پروردگار عالم پیدا فرما دے گا۔ اس مقصد کے لیے مجرب و آزمودہ ہے۔ یقین کامل رکھے اور شک نہ کرے۔

## مشکل حل ہو جائے

ایسی پریشانی اور مشکل جس کی وجہ سے دن بدن مالی و معاشی حالات بھی خراب ہونے جا رہے ہوں اور مشکل حل نہ ہوتی ہو تو اس کے جلد حل اور پریشانی سے نجات کے لیے باوضو حالت میں پاک صاف اور سفید کپڑے کے ٹکڑے پر عرق گلاب و زعفران سے طٰسٓمٓ لکھے اور اس کو ادب و احترام کے ساتھ اپنے پاس رکھے۔ اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل و کرم فرمائے گا اور جو بھی جائز مشکل ہو گی وہ آسان ہونے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور پھر مالی پریشانی بھی دور ہو جائے گی اگر اس تعویز کو مال تجارت میں رکھا جائے اس نیت کے ساتھ کہ رزق میں خوب اضافہ ہو جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ مال تجارت میں بہت فائدہ ہو گا اور رزق حلال میں خیر و برکت پیدا ہو گی۔

# افسران کو مسخر کرنا

جو کوئی اپنے سے بلند مرتبہ عہدہ پر فائز افسران کو اپنا مطیع و مسخر کرنا چاہتا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کے افسران اعلیٰ اس کے ساتھ اچھا سلوک کریں تو وہ کسی نیک شخص سے باوضو حالت میں چاندی کی انگوٹھی پر آلمٓقٓ کندہ کروائے اور باوضو حالت میں اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی میں پہنے اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ آلمٓقٓ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی مراد پوری ہوگی افسران بالا کا سلوک اس کے ساتھ بہت اچھا ہوگا حکام اسے قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے جہاں بھی جائے گی لوگ اس کی عزت کریں گے اس کی برکت سے اس پر اس کے بہت سے خواص و اثرات منکشف ہوں گے۔

# لڑکی کی شادی جلد ہو جائے

اگر کسی لڑکی کی شادی میں کوئی نہ کوئی رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہو اور رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جاتا ہو بلاوجہ تاخیر کی وجہ سے شادی نہ ہوتی ہو جس کی وجہ سے گھر والے بہت پریشان رہتے ہوں اور چاہتے ہوں کہ لڑکی کی جلد سے جلد شادی ہو جائے اور ہر طرح کی رکاوٹ دُور ہو جائے تو چاہیئے کہ ایک سفید کاغذ پر باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے حٰمٓ عٓسٓقٓ سے الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ تک لکھے اور لڑکی کو دے کر وہ اسے اپنے

بازو پر باندھ لے اس کے ساتھ ہی لڑکی کو حکم دے کہ وہ ہر نماز کے بعد مذکورہ بالا کلمات پڑھ کر بارگاہ میں دعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد دعا قبول ہوگی اور بفضل باری تعالیٰ لڑکی کی حسب منشا جلد شادی ہو جائے گی اور اسے اپنے گھر میں سکون و خوشی حاصل ہوگی۔

## عزت میں اضافہ ہو

جس کی معاشرہ میں بہت زیادہ عزت ہو مگر کسی غلط فہمی یا غلط اور جھوٹے الزام کی وجہ سے عزت میں کمی واقع ہوگئی ہو اور لوگ پہلے جیسی عزت نہ کرتے ہوں تو وہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد طلوع آفتاب سے پہلے باوضو حالت میں اکیس مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر ایک سفید کاغذ پر یٰسٓ ٥ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ٥ لکھے اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اس لکھے ہوئے کا تعویز بنا کر اپنی ٹوپی میں رکھے یا اپنے پاس رکھے اس کے علاوہ ہر فرض نماز کی ادائیگی کے بعد اکیس مرتبہ پڑھے جو کچھ کہ تعویز میں لکھا ہے پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے عاجزی و انکساری کا اظہار کرے انشاء اللہ تعالیٰ جہاں بھی جائے گا لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت پیدا ہو جائے گی اور اس کی عزت بحال ہو جائے گی دن بدن حسب سابق اس کی عزت میں خوب اضافہ ہوگا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے اپنے مطلوبہ مقصد میں کامیاب کرے گا۔

# مرض نسیان کے لیے

مرض نسیان ایسا عارضہ ہے کہ کوئی بھی بات یاد نہیں رہتی اس مرض میں مبتلا شخص کی یادداشت بہت ہی کمزور ہو جاتی ہے۔ اس عارضہ سے نجات حاصل کرنے اور قوت حافظہ کو مضبوط کرنے کی غرض سے نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے اروی کے پتے پر اکبرا سے قدیر تک لکھے اور تازہ صاف پانی سے دھو کر صبح نہار منہ پی لے سات یوم یا اکیس یوم تک بلا ناغہ اس عمل کو جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ کی کمزوری دُور ہو جائے گی نسیان کا عارضہ ختم ہو جائے گا۔

# بھاگا ہوا واپس آجائے

اگر کسی کا کوئی عزیز یا کوئی بھی گھر سے بھاگ گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ معلوم نہ ہوتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے جب کہ بھاگا ہوا واپس بھی نہ آتا ہو اور اپنی مرضی سے کہیں پر رہ رہا ہو تو اُس کی جلد واپسی کے لیے چاہیئے کہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر طلوع آفتاب سے قبل اکتالیس مرتبہ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ پڑھے اس کے بعد ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور مُشک سے یہ گردنامہ لکھے۔




اس نقش میں فلاں بنت فلاں یا فلاں بن فلاں کی جگہ بھاگے ہوئے کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور درخت کے ساتھ لٹکا دے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ بھاگا ہوا بہت جلد واپس آجائے گا واپس آئے بغیر اسے چین نہ آئے گا۔

## مچھروں اور چیونٹیوں کو بھگانا

جس گھر میں مچھروں کی بہتات ہو جائے یا چیونٹیاں اور پسو بہت زیادہ ہو جائیں تو اُن کو بھگانے کی غرض سے باوضو حالت میں چار سفید کاغذوں پر یہ لکھے۔

یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ - صٓ وَالْقُرْاٰنِ - قٓ وَالْقُرْاٰنِ
لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَاَرْجُمَنَّكُمْ

Arshman Software Inc. ©

وَلَیَمَسَّنَّکُم مِّنَّا عَذَابٌ اَلِیۡمٌ اِذۡھَبۡ اَیُّھَا الۡبَقُّ وَ
الۡبُرۡغُوۡثُ النَّمۡلُ بِاِذۡنِ اللّٰهِ الۡمَلِكِ الۡحَقِّ وَبِالۡفِ
لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ط

لکھنے کے بعد گھر کے چاروں کونوں میں چسپاں کر دے انشاء اللہ تعالیٰ مچھر اور چیونٹیاں گھر سے بھاگ جائیں گی۔

## سر درد کے لیے

اگر سر میں بہت شدید درد ہو رہی ہو اور آرام نہ آتا ہو تو باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے یہ لکھے۔

ع ع ع صع صع مع مح مح مح عح عح عح
ہ مہ مہ مہ ہ ط ط ط لا م م م ختم عسق
طٰہٰ مَآ اَنۡزَلۡنَا

لکھنے کے بعد اس تعویز کو سر پہ باندھے انشاء اللہ تعالیٰ سر درد میں شفا حاصل ہو گی اور آرام آ جائے گا۔

## دلی مراد کا حصول

ایسی جائز دلی مراد جو پوری نہ ہو رہی ہو اُس کے جلد حصول کی غرض سے چاہیے کہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اور بغیر کسی سے کوئی کلام کیے ایک ہی جلسہ میں کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ

۲۰۵۰ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے سات یوم تک بلاناغہ اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور ضرور مراد پوری ہو گی اگر سات یوم میں مطلوبہ مقصد میں کامیابی نہ ہو تو پھر اکیس یوم تک کرے ورنہ چالیس یوم میں ضرور دلی مراد حاصل ہو گی پروردگار عالم اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

## تسخیرِ حاکم کا آزمودہ عمل

اگر کسی کو حاکم وقت سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو اور وہ چاہتا ہو کہ وہ حاکم کے شر سے محفوظ رہے تو حاکم کے پاس جانے کی غرض سے جب اپنے گھر سے روانہ ہو تو باوضو حالت میں روانہ ہو اور اس طرح سے عمل کرے کہ کٓھٰیٰعٓصٓ ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ اس طریقہ سے پڑھنا شروع کرے کہ ہر حرف پر اپنے داہنے ہاتھ کی ایک انگلی بند کرتا شروع کرے یعنی جب کاف کہے تو داہنی ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی بند کرے جب ھا کہے تو اس کے ساتھ والی انگلی بند کرے اسی طرح ہر حرف پر ایک ایک انگلی بند کرتے ہوئے جب صٓ پڑھے تو دائیں ہاتھ کا انگوٹھا بند کرے اس کے بعد جوں کر پانچوں انگلیاں بند ہو جائیں گی تو کُفِیتُ کہے اور پھر بائیں ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی ح کہہ کر بند کرے پھر میم کہے تو اس کے ساتھ والی انگلی بند کرے جب ع کہے تو درمیانی انگلی بند کرے جب س کہے تو انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی بند کرے اور ق کہہ کر انگوٹھا بھی بند کرے اور کہے حُمِیتُ۔ اس کے بعد یہ کہے۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ط دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بند رکھے اور سارے راستے اسی طرح ہی بند رکھے کسی سے کوئی بات نہ کرے جب حاکم کے سامنے جائے یا اُس پر نظر پڑے تو سورہ الم نشرح پڑھ کر ایک ایک انگلی کھولے جب دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کھول لے اور دعا کی طرح دونوں ہاتھ اُٹھا کر حاکم کی نظر بچا کر پھیلے ہوئے ہاتھوں پر اس نیت سے پھونک مارے کہ حاکم مجھے کوئی نقصان نہ پہنچائے۔ نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نقصان نہ پہنچائے گا اور اس کے خلاف کوئی بات نہ کرے گا۔

## دو دشمنوں میں صلح کرانا

اگر دو دشمنوں کے مابین اس قدر دشمنی ہو کہ دونوں میں سے کوئی بھی صلح پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو ان کے درمیان صلح کرانے کی غرض سے چاند کے مہینہ کی پہلی اتوار کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد سات کالی مرچیں لے کر اس پر یہ پڑھ کر دم کرے سوختم دل وجان فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق محمد کھیٰعص حٰم عسق طسم یٰس والقراٰن الحکیم المص ن والقلم وما یسطرون بحق ایاک نعبد وایاک نستعین۔ دم کرنے کے بعد ان سیاہ مرچوں کو سفید کپڑے کے پاک صاف ٹکڑے میں لپیٹ کر پوٹلی باندھے اور

ایک ایسے درخت کی شاخ کے ساتھ باندھ کر لٹکائے کہ جس پر سورج کی شعاعیں بہت زیادہ پڑتی ہوں انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دشمنوں کے مابین عداوت ختم ہو جائے گی اور دونوں صلح پر آمادہ ہوں گے اس کے علاوہ اگر کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا مقصود ہو تو اس مقصد کے لیے بھی یہ نہایت سریع الاثر اور مجرب عمل ہے۔

## یادداشت کی بہتری

اگر کسی کی یادداشت بہت ہی زیادہ کمزور ہو ہر بات بھول جاتی ہو کسی بھی طرح بات حافظے میں محفوظ نہ رہتی ہو تو چاہیئے کہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں عرق گلاب، زعفران اور مشک سے چینی کی پلیٹ پر یہ نقش لکھے۔

الٓمٓ

| | | |
|---|---|---|
| الٓمٓ | الٓمٓ | الٓمٓ |
| الٓمٓ | الٓمٓ | الٓمٓ |
| الٓمٓ | نٓ والقلم وما یسطرون | الٓمٓ |

نقش مبارک لکھنے کے ضمن میں اس بات کا خیال رکھا جائے کہ جس کے لیے نقش تیار کیا ہے وہ جمعرات، جمعہ اور ہفتہ کے دن روزہ رکھے جس دن روزہ رکھا جائے اسی دن فجر کی نماز کے بعد ایک نقش لکھا جائے روزانہ تین یوم تک نقش لکھے اور آب زمزم سے دھو کر اس سے روزہ

افطار کرائے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ کی کمزوری دور ہو جائے گی یادداشت بہت بہتر ہو جائے گی اس مقصد کے لیے یہ نہایت ہی مجرب و آزمودہ نقش پاک ہے۔

## مقدمہ میں کامیابی

اگر کسی پر کوئی ناحق مقدمہ قائم کر دیا گیا ہو اور اُس سے نجات کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو روزانہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد ایک سو ایک مرتبہ کھیٰعٓصٓ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اور مندرجہ ذیل نقش مبارک اس طرح سے باریک سفید کاغذ پر لکھے کہ نقش حرفی کی پشت پر نقش عددی لکھا جائے باوضو حالت میں عرقِ گلاب و زعفران سے لکھے۔ دونوں نقوش لکھتے ہوئے قبلہ رُخ منہ کرے اور نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ لکھے یقین کامل کا ہونا شرط ہے کسی بھی ساعت میں لکھے جا سکتے ہیں لکھتے ہوئے کھیٰعٓصٓ کا ورد کیا جائے اور پہلے یہ نقش پاک لکھے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ک | ھ | ی | ح | ص |
| ع | ص | ک | ھ | ی |
| ھ | ی | ع | ص | ک |
| ص | ک | ھ | ی | ع |
| ی | ع | ص | ک | ھ |

اس کے بعد اس نقش پاک کی پشت پر یہ نقش لکھے،

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۹۰ | ۷۰ | ۱۰ | ۵ | ۲۰ |
| ۱۰ | ۵ | ۲۰ | ۹۰ | ۷۰ |
| ۲۰ | ۹۰ | ۷۰ | ۱۰ | ۵ |
| ۷۰ | ۱۰ | ۵ | ۲۰ | ۹۰ |
| ۵ | ۲۰ | ۹۰ | ۷۰ | ۱۰ |

دونوں نقوش لکھنے کے بعد اپنی ٹوپی یا پگڑی میں رکھے اور جب رات کو سوئے تو باوضو حالت میں سوئے اور دونوں نقوش اپنے سرہانے کے نیچے رکھ کر سوئے انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہو جائے گی مقدمہ کا فیصلہ حسب منشا ہو گا۔

## مطلوبہ جگہ پر شادی ہو جائے

اگر کسی جگہ پر شادی کرنا مقصود ہو اور وہ لوگ رشتہ طے کر کے انکاری ہو گئے ہوں اور شادی کرنے پر آمادہ نہ ہوتے ہوں کسی بھی طرح راضی نہ ہوتے ہوں تو روزانہ نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ۱۹۵ مرتبہ کھیٰعٓصٓ پڑھ کر دعا مانگے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اس دوران مطلوبہ جگہ پر شادی کے لیے ان لوگوں کو راضی کرنے کی کوشش بھی جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہو گی اور حسب منشا جگہ پر شادی ہو جائے گی۔

Arshad Software Inc. ©

# عقل و دانش کے لیے

جو کوئی بہت زیادہ بیوقوف ہو کوئی بھی کام سمجھداری اور ہوشیاری سے نہ کرتا ہو تو اُس بیوقوف کو عقل مند بنانے کی غرض سے باوضو حالت میں زعفران اور مشک سے تازہ روٹی کے ٹکڑے پر یہ نقش لکھے۔

حا ـــــــــــــــــــــــــــــــ ستم

ط۱۱ ع۱۱۱ ۱۱۴ اعع ط ـــــــــــــــ ہ

لکھنے کے بعد بیوقوف کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ اُس کی عقل کے بند دروازے کھل جائیں گے اور وہ عقل سے کام لینا شروع کر دے گا انتہائی مجرب و آزمودہ ہے۔

# کاروبار خوب چلے

جس کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو یا جس نے کسی محلہ میں کسی جائز کاروبار کا آغاز کیا ہو مگر روزگار نہ چلتا ہو گاہکوں کی توجہ نہ ہوتی ہو آس پاس کی دکانوں پر خوب گاہک آتے ہیں اور اُس کے ہاں مندہ ہو تو اُسے چاہیے کہ چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل اس طرح سے کرے کہ طلوع آفتاب کے وقت مشرق کی طرف مُنہ کر کے باوضو حالت میں بیٹھے پہلے گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر پچیس مرتبہ سورۂ اذا جاء نصر اللہ پڑھے اس کے بعد ستر مرتبہ یہ پڑھے۔

سَدَرَایو۔ لَرَرَءُ۔ زَوُشَا۔ مَنُوعًا۔ عَالِمَا۔ یَنصُوُنَ سَلِیُحَا۔ مَایُحَا۔ مَلخُوْمَا۔ یَاقَیُّوْمًا۔ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ۔

اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کاروبار میں خیر و برکت پیدا ہو گی اور کاروبار چل پڑے گا مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

## نامردی کا علاج

اگر کوئی شخص اچھا بھلا صحت مند ہو لیکن جماع پر قادر نہ ہوتا ہو اس کو کسی نے باندھ دیا ہو یا طبی طور پر نامردی کی شکایت ہو تو وہ تین دن تک روزانہ بلاناغہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب، زعفران اور خالص شہد سے مندرجہ ذیل عبارت لکھے اور اس عبارت کو لکھنے کے لیے یہ خیال رکھے کہ بدھ جمعرات اور جمعہ کو لکھے اور مشتری کی ساعت میں لکھے بدھ کے دن طلوع آفتاب کے بعد سے چوتھا گھنٹہ اور جمعرات کو طلوع آفتاب کے بعد سے پہلا گھنٹہ اور جمعہ کو طلوع آفتاب سے پانچواں گھنٹہ نہایت مجرب ہے۔ پہلے دن یعنی بدھ کو یہ عبارت لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط کٓھٰیٰعٓصٓ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰهِیْ

بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَعَلِيٍّ وَّفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ
اَنْ تُعَافِيَنِيْ مِنَ الْعُنَّةِ وَتَقْدِرُنِيْ عَلَى الْجِمَاعِ
الْحَلِيْلَةِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ
اَجْمَعِيْنَ ۝

لکھنے کے بعد پانی سے دھوکر چاٹ لے اور پانی پی لے پھر دوسرے
دن یعنی جمعرات کو یہ لکھے۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ
اَنْ تُعَافِیَنِیْ مِنَ الْعُنَّةِ وَتَقْدِرُنِیْ عَلَی الْجِمَاعِ وَ
صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

یہ بھی پانی سے دھوکر نہار منہ پی لے اس کے بعد اگلے دن تیسرے
روز یعنی جمعۃ المبارک کو چینی کی پلیٹ پر یہ لکھے۔

کٓهٰیٰعٓصٓ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَحَدُ یَا فَرْدُ اَنْ تُعَافِیَنِیْ
مِنَ الْعُنَّةِ وَتَقْدِرُنِیْ عَلَی الْجِمَاعِ وَصَلَّی اللّٰهُ
تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ ط

لکھنے کے بعد پانی سے دھوکر پی لے انشاء اللہ تعالےٰ جماع
کرنے پر قادر ہو جائے گا اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی
ہوگی۔

## برائے ح

جوکوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے دل م
وہ اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنے پر قا
مطلوب کے سامنے جانا مقصود ہو تو جانے سے پہلے باوضو حالت میں ایک
سفید کاغذ کے ٹکڑے پر عرق گلاب و زعفران سے یہ لکھے۔

بحق سلیمان ۶ ط ھ ۱۱ ۱۱ ۲۱ ھ ۵ اکند
حمعسق باسم فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں۔

جب سامنے جائے تو اپنی زبان کے نیچے رکھ لے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہو جائے گا۔

## دل کی کمزوری و گھبراہٹ

اگر کسی کا دل کمزور ہو گیا ہو سخت گھبراہٹ محسوس ہوتی ہو طبیعت میں بے چینی پائی جاتی ہو تو نماز فجر کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر باوضو حالت میں مشک و عرق گلاب سے ایک سفید کاغذ پر یہ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَسْئَلُ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ اَنْ تَشْفِيَهٗ
وَتَحْفَظُهٗ مِنْ عَاهَةٍ وَّاٰمَّةٍ وَّمَرَضٍ وَّعِلَّةٍ
وَّقِلَّةٍ وَّذِلَّةٍ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ

بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ
اَنْ تُعَافِيْنِيْ مِنَ الْعُنَّةِ وَتَقْدِرُنِيْ عَلَى الْجِمَاعِ
الْجَلِيْلَةِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ
اَجْمَعِيْنَ ۝

لکھنے کے بعد پانی سے دھوکر چاٹ لے اور پانی پی لے پھر دوسرے
دن یعنی جمعرات کو یہ لکھے۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ
اَنْ تُعَافِیْنِیْ مِنَ الْعُنَّةِ وَتَقْدِرُنِیْ عَلَى الْجِمَاعِ وَ
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

یہ بھی پانی سے دھوکر نہار منہ پی لے اس کے بعد اگلے دن تیسرے
روز یعنی جمعۃ المبارک کو چینی کی پلیٹ پر یہ لکھے۔

کٓهٰیٰعٓصٓ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَحَدُ یَا فَرْدُ اَنْ تُعَافِیْنِیْ
مِنَ الْعُنَّةِ وَتَقْدِرُنِیْ عَلَى الْجِمَاعِ وَصَلَّى اللّٰهُ
تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ ط

لکھنے کے بعد پانی سے دھوکر پی لے انشاء اللہ تعالٰی جماع
کرنے پر قادر ہو جائے گا اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی
ہوگی۔

## برائے حُب

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے دل میں فلاں کی محبت پیدا ہو جائے اور وہ اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنے پر قادر ہو جائے تو اُسے چاہیئے کہ جب مطلوب کے سامنے جانا مقصود ہو تو جانے سے پہلے باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ کے ٹکڑے پر عرقِ گلاب و زعفران سے یہ لکھے۔

ط ٦ ط ھ ١١ ١١ ٢١ ھ ٧ اکند ہ بحق سلیمان

حٰمٓعٓسٓقٓ باسم فلاں بن فلاں عَلٰی حُب فلاں بن فلاں۔

جب سامنے جائے تو اپنی زبان کے نیچے رکھ لے انشاءاللہ تعالیٰ مقصد پورا ہو جائے گا۔

## دل کی کمزوری و گھبراہٹ

اگر کسی کا دل کمزور ہو گیا ہو سخت گھبراہٹ محسوس ہوتی ہو طبیعت میں بے چینی پائی جاتی ہو تو نمازِ فجر کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر باوضو حالت میں مُشک و عرقِ گلاب سے ایک سفید کاغذ پر یہ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَسْئَالُ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ اَنْ تَشْفِیَہٗ وَتَحْفَظُہٗ مِنْ عَاھَۃٍ وَاٰمَۃٍ وَ مَرَضٍ وعِلَّۃٍ وَنِلَّۃٍ وَذِلَّۃٍ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ

حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

لکھنے کے بعد اس کے نیچے یہ نقش لکھے ۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۲۶ | ۱۲۴۰ | ۱۱۱۰ | ۱۲۲۳ |
| ۱۲۱۸ | [illegible] | ۱۲۳۷ | ۱۲۲۹ |
| ۱۲۲۱ | ۱۲۱۵ | ۱۲۴۲ | ۱۲۲۸ |
| ۱۲۴۱ | ۱۲۱۱ | ۱۲۳۰ | ۱۲۳۶ |

اس کو تعویذ کی طرح گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ دل کو تقویت حاصل ہوگی گھبراہٹ اور بے چینی جاتی رہے گی مجرب دائمہ بودہ ہے ۔

## سر درد کا علاج

اچانک اور شدید سر درد ہونے کی صورت میں فوری طور پر وضو کر کے سفید کپڑے کی پٹی پر عرق گلاب اور زعفران سے یہ لکھے ط ط ط ط ط ط ط ط ھے ھے ھے ھے ھے ھے ھے ھے ۔ اگر خود نہ لکھ سکے تو کوئی دوسرا شخص لکھ کر دے اور سر پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ سر درد میں افاقہ ہوگا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔

# ہر حاجت پوری ہو جائے

ہر طرح کی جائز حاجت روائی کے لیے کھیٰعص اور حمعسق جمعرات کے دن اول ساعت میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کر انگوٹھی پہننا مطلوبہ مقصد میں کامیابی کی ضمانت ہے اس کے علاوہ جو کوئی باوضو حالت میں کھیٰعص کے حروف طبیعہ کو ایک ہی سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے پانچ طرز کے نقوش اس وقت لکھے جب کہ طالع برج ثور میں زہرہ ہو یا وہ گیارہویں طالع کے درجہ شرف میں ہو لیکن وہ طالع سعد اور رجوع و احتراق سے سالم ہو اس طریقہ سے یعنی ان اشکال میں لکھے جو کہ درج ذیل ہیں۔

کھیعص (مربع)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ک | ھ | ی | ع | ص |
| ھ | ی | ع | ص | ک |
| ی | ع | ص | ک | ھ |
| ع | ص | ک | ھ | ی |
| ص | ک | ھ | ی | ع |

Arshman Software ©

کہیعص (عددی اُردو)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ٢٥ | ٥ | ١٥ | ٧ | ٩٧ |
| ٥ | ١٥ | ٧٥ | ١٥ | ٣٥ |
| ١٥ | ٧٥ | ٩٥ | ٣٥ | ٥ |
| ٧٥ | ٩٥ | ٣٥ | ٥ | ١٥ |
| ٩٥ | ٣٥ | ٥ | ١٥ | ٧٥ |

کہیعص (طبی طریقہ)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ٢ | ٢ | ٩ | ٢ | ٨ |
| ٨ | ٩ | ط | م | ع |
| ا | ٥ | د | ح | ٧ |
| ٧ | ط | ٢ | ر | د |
| ٥ | ٢ | ع | عا | سر |

Arshman Software Inc ©

کھیعص (مشرقی طریقہ)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بط | لر | ۷ | مح | مح |
| مر | مر | لر | ع | ل |
| الہ | لہ | بط | مح | ما |
| ع | م | ما | لف | د |
| سہ | مر | سر | مس | الط |

کھیعص (مغربی طریقہ)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ک | ھ | ی | ع | ص |
| صہ | لحر | سر | ھا | لہ |
| لو | لہ | عر | ط | ر |
| ع | لہ | ل | ر | ۲ |
| لہ | لہ | ع | ۲ | سر |

لکھنے کے بعد عنبر اور عود کی دھونی دے کر پاکیزہ صاف سفید کپڑے

میں لپیٹ کر چاندی کے بنے ہوئے لاکٹ میں تعویز کی طرح رکھ کر پہن سے جدھر بھی جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ لوگ اس کی عزت کریں گے اس کے ساتھ محبت سے پیش آئیں گے اس کے رزق حلال میں بکثرت خیر و برکت پیدا ہو گی جو بھی جائز حاجت ہو گی وہ اس کی برکت سے بفضل باری تعالےٰ پوری ہو گی اس بات کی احتیاط رکھے کہ جنابت کی حالت میں نہ پہنے اور نہ ہی بیت الخلاء میں لے کر جائے اس کی خاصیت ہے کہ رات کو اگر یہ لاکٹ سر کے نیچے رکھ کر سو جائے تو اس کو خواب میں اُس بات کے بارے میں معلوم ہو جائے گا جس کو کہ معلوم کرنا چاہتا ہے مگر چاہیئے کہ باوضو حالت میں پاک صاف بستر پر سوئے۔ اگر اس کو سوئے ہوئے کے دل پر رکھ دے تو اس نے بیداری کے عالم میں جو کام کیا ہے وہ نیند کی حالت میں بیان کر دے گا۔ اس کی برکت سے کوئی بڑی مشکل پیش نہ آئے گی اگر مشکل کا سامنا کرنا پڑے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مشکل جلد آسان ہو جائے گی جملہ حاجات دوائی کے لیے نہایت مجرب ہے شیخ شرف الدین بونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس کی بہت تعریف فرمائی ہے۔

## محبت میں دیوانہ کرنا

اگر کوئی کسی کو اپنی محبت میں دیوانہ کرنا چاہتا ہو اور اس بات کا خواہاں ہو کر مطلوب کے دل میں اس کی شدید محبت پیدا ہو جائے تو اس مقصد کے لیے باوضو حالت ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران

سے یہ لکھے۔

والقیت علیک محبۃ منی ولتصنع علی عینی ؕ الٓمّٓ ذٰلک الکتٰب لاریب فیہ ؕ اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ المٓصٓ نٓ ؕ والقلم وما یسطرون ؕ بحق ایاک نعبد وایاک نستعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

لکھنے کے بعد پانی سے دھوئے اور اس پانی پر چالیس مرتبہ یہی کلمات پڑھ کر دم کرے اور یہ پانی میٹھی چیز میں ملا کر کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب محبت میں دیوانہ ہوگا حب کے لیے مجرب ہے۔

## جھوگا دور ہو جائے

اگر کسی کو جھوگا کی شکایت لاحق ہو تو باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے ایک سفید کاغذ پر یہ لکھے۔

عدیقاً ملیقاً خالقاً مخلوقاً کافعاً ارتضیٰ مرتضیٰ بحق یا بدوح وننزل من القراٰن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین ولا یزید الظالمین الا خسارا بحق انا سانا سان ساموسا بحق کٓھٰیٰعٓصٓ وبحق حٰمٓعٓسٓقٓ یا اللہ یا اللہ یا اللہ۔

لکھنے کے بعد تعویذ کی طرح بیمار کے گلے میں پہنائے اور سات مرتبہ

پڑھ کر بیمار پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ جملہ شکایات رفع ہو جائے گی اور شفائے کاملہ نصیب ہو گی۔

## شیاطین تنگ نہ کریں

جس جگہ پر آسیب کی آمد ہو اور شیاطین تنگ کرتے ہوں خصوصاً رات کو سوتے ہوئے ڈراتے ہوں تو ان کے دفعیہ کے لیے رات کو عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد باوضو حالت میں تین مرتبہ اس حصار کو پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے۔

آلٓمٓ یا حلیم یا کریم یا حافظ یا حفیظ یا ناصر یا نصیر یا رقیب یا وکیل یا اللہ یا اللہ یا اللہ بحق کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ حرز کردم خود را بلا الٰہ الا اللہ حصار کردم خود را بمحمد رسول اللہ۔

ہاتھوں پر دم کر کے اپنے پورے بدن پر پھیرے انشاء اللہ تعالیٰ شیاطین دفع ہوں گے اور تنگ نہ کریں گے۔

## ہر مقصد پورا ہو جائے

جو کوئی یہ چاہے کہ اُس کی ہر جائز مراد پوری ہو جائے ہر مشکل آسان ہو جائے تمام معاملات اُس کے حسب منشا طے ہوں تو وہ ہرن کی جھلی پر قمری مہینہ کی چودھویں شب کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد عرق گلاب و

زعفران سے یہ آیات مبارکہ لکھے۔

الٓمٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ سے هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۝

الٓمٓ ۝ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ سے اَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۝ الٓمٓصٓ ۝ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ سے لِلْمُؤْمِنِيْنَ۝

الٓمّٓرٰ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ سے لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ سے زَكَرِيَّا۔

طٰهٰ سے لِتَشْقٰى ۝

طٰسٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝

طٰسٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۝

يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝

صٓ ۝ سے شِقَاقٍ ۝

حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ سے الْمَصِيْرُ ۝

حٰمٓ عٓسٓقٓ سے الْحَكِيْمُ۔

نٓ ۝ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ۔

ان کو لکھنے کے بعد ایک نلکی میں رکھے اور اس کا منہ شہد کے نئے چھتے کے موم سے بند کر دے پھر اس کو پاک صاف چمڑے میں سلوا کر اپنے داہنی بازو پر باندھے تو اس کے خواص و اثرات کے ضمن میں حضرت شیخ شرف الدین بونی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی یہ عمل کرے

انشاءاللہ تعالیٰ اُس کا قلب مضبوط ہو جائے اس کے دل سے ہر طرح کا خوف وہم دور ہو جائے دل میں جرأت و بہادری کے جذبات پیدا ہو جائیں اگر دشمن کے سامنے جائے تو دشمن کے دل پر اس کی ہیبت طاری ہو جائے دشمن نقصان پہنچانے کی ہمت نہ کرسکے اور دشمن کے شر سے پروردگار عالم اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ اگر کوئی جائز طور پر کسی جگہ پر شادی کا خواہاں ہو تو اس کی برکت سے حسب منشاء جگہ پر شادی ہو جائے۔ اگر اس کو بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے تو بچہ ہر طرح کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے۔ اگر کوئی قرض دار اپنے بازو پر باندھے تو پردۂ غیب سے ادائیگی قرض کے اسباب پیدا ہوں اور پریشانی سے نجات حاصل ہو اگر کسی نے جادو کیا ہو یا جنات تنگ کرتے ہوں آسیب میں مبتلا ہو تو اس تعویز کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ خلاصی حاصل ہو۔ اگر کاروبار یا دکان نہ چلتی ہو تو دکان میں رکھے بفضل باری تعالیٰ دکان خوب چلے اور روزگار میں ترقی واقع ہو اگر کسی پریشانی میں مبتلا ہو تو اللہ رب العزت پریشانی سے نجات عطا فرمائے اگر مسافر ہو تو بخیر و عافیت گھر واپسی ہو۔

## ہسٹریا کا مرض

اگر کوئی ہسٹریا کے عارضہ میں مبتلا ہو اور شدید دورے پڑتے ہوں تو اس کے شافی علاج کے لیے باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب و زعفران سے یہ لکھے۔

طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۔
لکھنے کے بعد پانی سے دھو کر مرض میں مبتلا کو پلائے انشاء اللہ تعالی
افاقہ ہوگا اکیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالی ضرور شفائے
کاملہ نصیب ہوگی۔

## سر درد کا شافی علاج

سر میں ہونے والے شدید درد جس میں کسی بھی طرح افاقہ نہ ہوتا ہو تو اس
کے شافی علاج کے لیے باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و
زعفران سے یہ تعویز لکھے۔

کٓھٰیٰعٓصٓ ذکر رحمۃ ربك عبدہ ذکریا حٰمٓ عٓسٓقٓ
کذالك یوحی الیك والی الذین من قبلك الله العزیز
الحکیم ۞ بسم الله الرحمٰن الرحیم۔ کم من نعمۃ
الله علیٰ کل عبد شاکر وغیر شاکر
وکم من نعمۃ
الله علیٰ کل عرق ساکن وغیر ساکن اسکن ایھا
الوجع بعزۃ من لہ ما سکن فی اللیل والنھار
وھو السمیع العلیم۔

یہ تعویز مریض کے سر پر باندھے انشاء اللہ تعالی سر درد کی شکایت
دور ہو جائے گی اور آرام آجائے گا۔

## آدھے سر کا درد

آدھے سر میں ہونے والے درد میں یا پورے سر میں ہونے والے درد کا دم کے ذریعہ علاج اس طرح سے کرے کہ جس کسی کو سر میں درد کی شکایت ہو اس کو اپنے سامنے بٹھائے اور باوضو حالت میں سات مرتبہ یہ پڑھ کر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

كٓهٰيٰعٓصٓ ۚ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۚ اِذْ
نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۚ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ وَهَنَ
الْعَظْمُ مِنِّىْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْ
بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۔

دن میں تین مرتبہ دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ سر درد میں آرام آجائے گا اور درد دور ہو جائے گا۔

## اولاد فرمانبرداری کرے

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو اور تابعداری نہ کرتی ہو تو باوضو حالت میں سفید کاغذ پر عرقِ گلاب و زعفران کے ساتھ اَلْحَقُّ سے لِلْمُؤْمِنِیْنَ تک لکھے اور چاندی کی انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے رکھ کر دائیں ہاتھ میں یہ انگوٹھی پہنے انشاء اللہ تعالیٰ اُس کی برکت سے اولاد مطیع و فرمانبردار ہوگی اور اُس کے حکم کے مطابق عمل کرے گی۔

Arsalan Softwares Inc. ©

## دردِ شقیقہ کے لیے

اگر دردِ شقیقہ کی شکایت لاحق ہو گئی ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک جمعہ کی نماز پڑھنے کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے لکھے۔

بحق کٓھٰیٰعٓصٓ و بحق حٰمٓ عٓسٓقٓ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برحمتک یا ارحم الراحمین

| | | |
|---|---|---|
| یابدوح | یابدوح | یابدوح |
| یابدوح | یابدوح | یابدوح |
| یابدوح | یابدوح | یابدوح |

صلی اللہ علی محمد وعلی آل محمد

اس نقش پاک کو مریض کی پیشانی پر باندھ دے بفضل باری تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا پروردگار عالم شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اور دردِ شقیقہ کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

## آشوب چشم سے نجات

اگر کسی جگہ پر آشوب چشم کی وبا پھوٹ پڑنے کا خدشہ ہو یا کوئی آشوب

Arshian Software

چشم کا شکار ہو گیا ہو تو اس مرض سے نجات کے لیے قمری مہینے کے دوسرے ہفتہ کے دن باوضو حالت میں عرقِ گلاب و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر یہ لکھے۔

الٓمٓ۔ الٓمٓصٓ۔ الٓرٰ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ طٰہٰ۔ طٰسٓمٓ۔ صٓ

حٰمٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ قٓ۔ نٓ۔

لکھنے کے بعد اپنے پاس رکھے ان شاء اللہ تعالیٰ آشوبِ چشم سے نجات حاصل ہو گی اور اس سال آشوبِ چشم سے امن میں رہے گا۔

## گھوڑے کی بیماری

اگر کسی گھوڑے کو خام کا عارضہ لاحق ہو جائے اور آرام نہ آتا ہو تو باوضو حالت میں صبح و شام گھوڑے کے کان پکڑ کر سات مرتبہ دونوں کانوں میں یہ پڑھ کر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَنْتَ الَّذِیْ تُکَبِّرُ فَمَا کَ مُحَمَّدٍ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَمُتْ یَا خَنَّامُ یَا مَنَاھُمْ۔

بزرگ مشکر اللہ عزوجل بزرگ است۔ یا بزرگی کہ محمد را ابوداؤد نہاں برفت تو نیز بقدرت اللہ تعالیٰ برود و دفع شود۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عارضہ دور ہو جائے گا۔

# گمشدہ کے بارے میں جاننے کا آسان عمل

جو کوئی کسی ایسے شخص کے بارے میں خواب میں دیکھنا چاہتا ہو کہ جس کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے زندہ ہے یا مردہ ہے تو وہ رات کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد سونے سے پہلے وضو کرے پاک صاف کپڑے پہن کر صاف ستھرے بستر پر بیٹھے اور قبلہ رُخ ہو کر ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے یہ نقش لکھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ص | م | ل | ر |
| ر | ص | م | ل |
| ل | و | ص | م |
| م | ل | ر | ص |

لکھنے کے بعد اس نقش کو اپنے سرہانے کے نیچے رکھ دے پھر سرہانے پر سر رکھ کر قبلہ رُخ منہ کر کے دائیں کروٹ پر لیٹے اور سورۃ الشمس، سورۃ واللیل، سورۃ والتین اور سورۃ اخلاص ہر ایک کو سات سات مرتبہ پڑھے اس کے بعد یہ دعا مانگے۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ کَذَا وَکَذَا وَاجْعَلْ لِیْ
فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِهٖ

عَلٰی حَاجَتِہٖ دَعْوَتِیْ ؕ

انشاءاللہ تعالیٰ پہلی رات کو ہی گمشدہ کے بارے میں خواب میں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کس حالت میں ہے ورنہ دوسری، تیسری حتی کہ سات راتوں تک بلاناغہ یہ عمل کرے اگر ان راتوں میں بھی کچھ معلوم نہ ہو تو پھر غور کرے کہ عمل کرنے میں کیا غلطی سرزد ہوئی ہے اُس کو درست کرے پھر عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی کیوں کہ یہ مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

## عزت و مرتبہ حاصل ہو

جو کوئی عزت و مرتبہ کے حصول کا خواہاں ہو اور یہ چاہتا ہو کہ وہ جہاں بھی جائے لوگ اسے عزت کی نگاہ سے دیکھیں اور جب بھی مجلس میں بیٹھا ہو وہاں پر اسے نمایاں مقام ملے لوگوں کے دل اس کی طرف کھنچے چلے جائیں تو وہ رجب المرجب کے مہینہ میں پنجشنبہ کے دن نماز اشراق ادا کرے اور پھر باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے حروف مقطعات کا عددی نقش لکھے۔

| | رس | ۷۸۶ | اح | |
|---|---|---|---|---|
| ق | ۲۳۲ | ۲۲۷ | ۲۳۴ | ی |
| ہ | ۲۳۳ | ۲۳۱ | ۲۲۹ | ب |
| ط | ۲۲۸ | ۲۳۵ | ۲۳۰ | ن |
| | عسق | | مم | |

اس کے بعد سات مرتبہ درود شریف پڑھے پھر اکتالیس مرتبہ یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ یَابُنَا تَبَارَکْ حِیْطَانَا یٰسٓ سَقْفُنَا کٓہٰیٰعٓصٓ کِفَایَتُنَا حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا فَسَیَکْفِیْکَہُمُ اللّٰہُ وَ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط

پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اس تعویز پر دم کرے اور چاندی کی انگوٹھی میں نگینہ کے نیچے رکھ کر بنوائے اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی میں پہنے بفضل باری تعالیٰ چشم خلائق میں معزز ہوگا جہاں بھی جائے گا لوگ اس کی عزت کریں گے ۔

## حافظہ مضبوط ہو جائے

جس کسی کی یادداشت بہت زیادہ کمزور ہو کسی بھی طرح قوت حافظہ مضبوط نہ ہوتی ہو تو اس کے لیے یہ عمل کرنا نہایت مفید ہے وہ قمری مہینہ کے عروج میں اتوار کے دن اس عمل کو اس طرح سے شروع کرے کہ طلوع آفتاب سے پہلی ساعت جو کہ شمس ستارہ کی ہوتی ہے اس کا ایک گھنٹہ چھوڑ کر دوسرے گھنٹہ میں جو کہ زہرہ کا ہے ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے باوضو حالت میں یہ لکھے ،

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط الٓمّٓ ہ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۔ اس نقش کو پانی سے خوب اچھی طرح دھو کر نہار منہ پانی پی لے پھر دوسری اتوار کو اسی طرح دوسری ساعت میں چینی کی پلیٹ پر

یہ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ۔

لکھنے کے بعد پانی سے دھوکر نہار منہ پی لے پھر تیسری اتوار کو بھی اسی طرح دوسری ساعت میں یہ لکھے،

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔

یہ بھی اُسی طرح دھوکر نہار منہ پی لے اس کے بعد چوتھی اتوار کو یہ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمٓصٓ، کٓھٰیٰعٓصٓ، طٰہٰ

پانی سے دھوکر پی لے پھر پانچویں اتوار کو چینی کی پلیٹ پر یہ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ حٰمٓ عٓسٓقٓ، حٰمٓ۔

یہ بھی حسب سابق پانی سے دھوکر پی لے اور جب چھٹی اتوار آئے تو یہ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ طٰسٓمٓ، طٰسٓ، الٓرٰا۔

لکھنے کے بعد پانی سے دھوکر نہار منہ پی لے پھر ساتویں اتوار کو بھی اسی ساعت میں یعنی طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ بعد زہرہ کی ساعت میں یہ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ صٓ قٓ نٓ اِنَّمَآ اَمْرُہٗٓ اِذَآ اَرَادَ

شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ
مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ط

اس کو لکھنے کے بعد بھی پانی سے دھو کر پی لے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ حافظے کی کمزوری دور ہو جائے گی حافظہ مضبوط ہوگا یادداشت خوب بہتر ہو جائے گی جو کچھ بھی یاد کرے گا جلدی نہیں بھولے گا قوتِ حافظہ قوی ہو جائے گی نہایت مجرب ہے۔

## اولاد نرینہ پیدا ہو

اگر کسی کی نرینہ اولاد نہ ہو اُس کی بیوی کے ہاں لڑکے کی ولادت نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ اتوار کے دن باوضو حالت میں زعفران و مُشک سے یہ تین تعویز سفید کاغذ پر لکھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٣٤ | ٣٩ | ٣٢ | حمعسق |
| ٣٣ | ٣٥ | ٣٧ | کھیعص |
| ٣٨ | ٣١ | ٣٦ | حمعسق |

یہ تعویز جمعہ کی رات کو دودھ میں خوب اچھی طرح دھوکر دونوں میاں بیوی تین دن تک رات کو پی لیں اور تین دن باہم مباشرت کریں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اولادِ نرینہ کی ولادت ہوگی پروردگارِ عالم صحت مند بیٹے کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا مگر چاہیے کہ یقینِ کامل کے ساتھ عمل کرے اور نماز پنجگانہ کی پابندی کو لازم رکھے۔

## باری کا بخار

اگر کوئی باری کے بخار میں مبتلا ہو اور کسی بھی طرح افاقہ نہ ہوتا ہو تو مریض کے دونوں ہاتھوں کو خوب اچھی طرح صابن سے دھوکر صاف کروائیں اور باوضو حالت میں مریض کے دائیں ہاتھ کے ناخنوں پر اس طرح سے کٓھٰیٰعٓصٓ کے حروف لکھیں کہ انگوٹھے پر ک اور اس کے ساتھ والی انگلی کے ناخن پر ہ اس کے ساتھ والی درمیانی انگلی کے ناخن پر ی اور اس کے ساتھ والی انگلی کے ناخن پر ع لکھے اور آخری چھوٹی انگلی کے ناخن پر ص لکھے اس طرح یہ کٓھٰیٰعٓصٓ بن جائے گا اس کے بعد بائیں ہاتھ کے ناخنوں پر اسی ترتیب کے ساتھ ح۔م ع۔س۔ق لکھے کہ ح انگوٹھے کے ناخن پر اور ق آخری چھوٹی انگلی کے ناخن پر آئے یہ حٰمٓ عٓسٓقٓ بن جائے گا۔ لکھنے کے بعد مریض کو ہدایت کی جائے کہ وہ ان حروف کو دیکھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کا بخار اتر جائے گا اور اسے شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔

# ماسخورہ کا علاج

مسوڑھوں کی درد اور ماسخورہ کی شکایت کی صورت میں فوری اور شفا بخش علاج کے لیے باوضو حالت میں یہ کلمات مبارکہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٓمّٓصٓ ۔ طٰسٓمٓ ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ اُسْكُنْ ۝

پڑھ کر اپنی انگشتِ شہادت پر دم کر کے دانتوں پر ملے دن میں چند مرتبہ یہ عمل کرے یا ہر نماز کے بعد اس طرح سے کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ ماسخورہ کی شکایت رفع ہو جائے گی اور دانتوں کو آرام آجائے گا۔

# ابرو کا درد

اگر آنکھوں کی ابرو میں درد ہوتی ہو جو کہ رفع نہ ہوتی ہو اس کی وجہ سے بہت پریشانی محسوس ہوتی ہو اور تکلیف ہوتی ہو تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں سات مرتبہ یہ پڑھ کر مریض پر دم کرے۔

كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا ۔

بفضل باری تعالیٰ ابرو کی درد میں آرام آجائے گا۔ مریض خود بھی باوضو حالت میں یہ کلمات پڑھ کر اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کی پوروں پر دم کر کے ابرو پر پھیرے تو اس سے بھی اُسے انشاءاللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔

# قید سے رہائی

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو اُس پر جھوٹا مقدمہ قائم کر دیا گیا ہو گواہ بھی جھوٹے ہوں اور کسی بھی طرح اس مقدمہ سے خلاصی اور قید سے رہائی کی ممکن صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو چاہیئے کہ قیدی نماز پنجگانہ کی پابندی اپنے اوپر لازم رکھے اور ذیل میں دیا ہوا نقش پاک جو کہ اسی مقصد کے لیے رجب کی نوچندی کو چاندی کے باریک پترے پر کندہ کرا کر رکھا ہوا ہو حاجت مند کو دے۔



حاجت منداس کو پہن لے اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر جائز حاجت پوری ہوگی ہر مشکل آسان ہوگی قید سے بہت جلد رہائی ہوگی اور ناجائز مقدمہ سے بریت ہوجائے گی۔

## یرقان کا علاج

جو کوئی بچہ یا بڑا یرقان کے مرض میں مبتلا ہوگیا ہو دوائی سے بھی افاقہ نہ ہوتا ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو اس کے لیے چاہیے کہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں عرق گلاب و مشک سے ایک سفید کاغذ پر یہ نقش پاک لکھے۔

۷۸٦

| الا اللہ | | کہیعص کفیت | | | لا الہ |
|---|---|---|---|---|---|
| حمعسق حفیت | ۵۲ | ۳۰ | ۲۸ | ۹٦ | ۴ |
| | ۸۸ | ۱٦ | ۴۴ | ۳۲ | ۸۰ |
| | ۷۴ | ۷۲ | ۱۰۰ | ۸ | ۵٦ |
| | ۲۰ | ۴۸ | ۳٦ | ٦۴ | ۹۲ |
| | ٦٦ | ۸۴ | ۱۲ | ٦ | ۳۸ |
| رسول اللہ | | یٰسٓ والقرآن الحکیم | | | محمد |

(دائیں جانب: حم ص والقرآن ذی الذکر)

لکھنے کے بعد تعویز کی طرح مریض کے گلے میں ڈال دے اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو جلد صحت ہو گی پروردگار عالم شفائے کاملہ مرحمت فرمائے گا یرقان کے مرض کا یہ شافی اور مجرب علاج ہے۔

## ام الصبیان سے نجات

اگر کوئی اُم الصبیان کا شکار ہو گیا ہو یا جس بچے کو اُم الصبیان سے محفوظ رکھنے کا خواہاں ہو تو چاہیے کہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں طلوع آفتاب سے قبل ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب مشک و زعفران سے یہ لکھے۔ الٓمٓ ہ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ سے وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ تک۔ لکھنے کے بعد تعویز کی طرح بچے کے گلے میں ڈالے بفضل باری تعالیٰ اُم الصبیان سے محفوظ رہیگا اور اس سے خلاصی حاصل ہو گی۔

## آنکھوں کا دُکھنا

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی آنکھیں نہ دُکھیں تو وہ چاند کے مہینے کے پہلے شنبہ کو باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب، شہد اور زعفران سے یہ لکھے۔

الٓمٓر، الٓمٓصٓ، الٓمٓرٰ، الٓرٰ، کٓھٰیٰعٓصٓ، طٰہٰ۔ طٰسٓمٓ
طٰسٓ، یٰسٓ، صٓ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ، قٓ۔ نٓ۔ ال م ص ل ٹ

ی ع طس ح ھ ن۔
لکھنے کے بعد چاٹ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ پورے سال آنکھیں نہ دکھیں گی۔

## حل المشکلات نقش

ذیل میں دیا ہوا نقش پاک بے شمار مشکلات و پریشانیوں کو دور کرنے کے لیے نہایت ہی مجرب و آزمودہ ہے اس کو اپنے پاس رکھنے والا بے پناہ فوائد حاصل کرتا ہے مصیبتوں اور پریشانیوں سے محفوظ ہو جاتا ہے آفات و بلیات سے اس کی حفاظت ہوتی ہے ہر طرح کی دلی جائز مراد پوری ہوتی ہے مشکل و پریشانی رفع ہوتی ہے بے شمار پریشانیوں اور مشکلات کا حل اس میں مضمر ہے کوئی مشکل ایسی نہیں جو اس کی برکت سے اور پروردگار عالم کے فضل و کرم سے پوری نہ ہوتی ہو اس کو لکھنے کے لیے عامل کا نیک اور نمازی ہونا شرط ہے رزق حرام سے پرہیز کرتا ہو اور فرائض و واجبات کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کرتا ہو۔ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد عرق گلاب و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر لکھے۔

یاجامع      نٓ قٓ حٰمٓ حٰمٓعٓسٓقٓ

المٓصٓ المٓرٰ الرٰ کھیعص طٰہٰ

| | | | |
|---|---|---|---|
| بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الٰہ الا انت سبحٰنک انی کنت من الظالمین | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وافوض امری الی اللہ ان اشد بصیر بالعباد | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حسبنا اللہ ونعم الوکیل علی اللہ توکلنا |
| عہ لا ۶ ۳ | ۲۱ ۶ ۱ | ۹ ۶ ۱۲ | ۳۹۲۳ |
| ل ۳ ۹ ۲ | ۲۱ لا لا ۳ | ل ل ۱۲ | عہ ۲۶۷ |
| ۶ ل ۱۳ | ۶ لا ۶ ۲ | ۳۹۳۶ | لا لا لا ۳ |
| طسٓ | یٰسٓ حٰمٓ | عسق ق ن | الٓمٓ |

المٓصٓ المٓرٰ الرٰ کھیعص طٰہٰ

یہ نقش پاک جو کوئی انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے رکھوا کر یہ چاندی کی انگوٹھی اپنے دائیں ہاتھ میں پہنے گا تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اُسے کبھی کسی چیز کی محتاجی نہ ہوگی اُس کے ہاں رزق کی فراوانی رہے گی اگر بے روزگار ہے تو غیب سے اس کی روزی کے اسباب پیدا ہوں گے اگر کسی سے قتل ہو گیا ہو اور وہ اپنے اس فعل پر نادم و شرمندہ ہو اور چاہتا ہو کہ مدعی اسے خون معاف کر دے تو عامل سے یہ نقش لکھوا کر اپنے بازو پر باندھے اس کا مطلوبہ مقصد پورا ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ مدعی اُسے خون معاف

کرنے پر آمادہ ہوجائے گا اگر اس نقش کو کوئی مسافر اپنی کمر میں باندھ کر سفر پر روانہ ہو تو وہ جس قدر بھی مسافت طے کرے اُسے تھکاوٹ نہ ہوگی اور سفر کی صعوبتوں سے محفوظ رہے گا بخیر و عافیت اس کی واپسی ہوگی ناحق قید میں کیئے گئے افراد کے لیے بھی یہ نقش پاک اپنے پاس رکھنا ان کو قید سے جلد رہائی کا بہترین وسیلہ و سبب ہے غرضیکہ یہ نقش پاک بہت ہی پُر اثر ہے۔

## نارو کا علاج

اگر کوئی نارو کے مرض میں مبتلا ہو گیا ہو اور مرض میں افاقہ نہ ہوتا ہو تو با وضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر یہ کلمات لکھے۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ اِنَّكَ نَارُوۡ لَا تَبْکُ هرهمان محمد رسول اللہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم قُمْتُ بِاِذْنِ اللّٰہِ اَنْتَ یَانَارُو بِحَقِ مُحَمَّدٍ رسول اللہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیهقی یا نارو امانت لا یبقی مَاتَ نارو بحق محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم طٰسٓ طٰسٓ طٰسٓ طٰسٓ طٰسٓ طٰسٓ طٰسٓ طٰسٓ طٰسٓ طٰسٓ طهور بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

اس تعویذ کو نارو پر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ صحت یابی ہوگی
اور آرام آجائے گا۔ اسی طرح ایک اور تعویذ لکھے اور پانی سے دھوکر
مریض کو پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت جلد شفائے کاملہ
حاصل ہوگی۔

## آسیب بھاگ جائے

اگر کسی گھر میں آسیب داخل ہوکر تنگ کرتے ہوں اور پریشانی پیدا
کرتے ہوں تو باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے ایک سفید
کاغذ پر یہ نقش پاک لکھے۔




Arshman Software Inc.

اس نقش پاک کو گھر کی دیوار پر چسپاں کر دے انشاءاللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا اور تنگ نہ کرے گا۔ فلاں بن فلاں کی جگہ اس کا نام لکھے جس کو آسیب تنگ کرتے ہوں۔ اگر کوئی شیطان کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے اور شیطان کے غلبہ سے بچنے کا خواہاں ہو تو وہ اس تعویز کو اپنے بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ شیطان کے غلبہ سے بچا رہے گا۔

## سر درد کا فوری علاج

اگر کسی کے سر میں شدید سر درد ہو اور بہت تکلیف محسوس ہوتی ہو تو باوضو حالت میں سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے یہ نقش پاک لکھے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ک | ھ | ی | ع | ص |
| ع | ص | ک | ھ | ی |
| ھ | ک | ی | ع | ص |
| ص | ک | ھ | ی | ع |
| ی | ع | ص | ک | ھ |

لکھ کر مریض کے سر پہ باندھے انشاءاللہ تعالیٰ درد میں فوری طور پر سکون محسوس ہوگا اور بہت جلد آرام آجائے گا۔

Arshman Software Inc ©

# ہر مصیبت سے بچاؤ

ہر بڑی مصیبت، مشکل اور پریشانی سے بچاؤ کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک نہایت سریع الاثر ہے اس کو اپنے پاس رکھنے والے کو اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھتا ہے اس نقش پاک سے فوائد بے شمار و لاتعداد ہیں اس کو لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں جمعہ کے دن نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر تین مرتبہ حروف مقطعات کا ورد اس طرح کرے کہ اول وآخر درود پاک پڑھے پھر عصر کی نماز پڑھنے کے بعد اور مغرب سے پہلے پہلے باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے ایک سفید کاغذ پر یہ نقش پاک لکھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم صلی وسلم علیٰ سیدنا محمد وآلہٖ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الٓمٓ | الٓمٓ | المٓصٓ | المر | الر | الر |
| المر | المر | المر | کٓھٰیٰعٓصٓ | طٰہٰ | طسٓمٓ |
| طٰسٓ | طسم | الٓمٓ | الٓمٓ | الٓمٓ | الٓمٓ |
| یٰسٓ | صٓ | حٰمٓ | حٰمٓ | حٰمٓ عسٓقٓ | حٰمٓ |
| حٰمٓ | حٰمٓ | حٰمٓ | قٓ | نٓ | فلاں بن فلاں |

اس نقش میں فلاں بن فلاں کی جگہ اس کا نام معہ والدہ کے لکھے جس کے لیے تیار کیا ہے ۔ اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھا جائے تو اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں کے قلوب اس کے لیے مسخر ہوں گے جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا کسی قسم کے جادو اور آسیب کا اثر نہ ہوگا دشمن کا ہر وار ناکام ہوگا دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا ۔

## حاجت روائی کے لیے

ہر طرح کی جائز حاجت روائی کی غرض سے جو کوئی جمعرات کی پہلی ساعت میں باوضو ہو کر ہرن کے چمڑے پر اگر چمڑہ میسر نہ ہو تو پھر سفید پاک اور صاف کاغذ پر نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ دس خالی مربع شکل بنائے اور ان میں عرق گلاب و زعفران سے پانچ پانچ مرتبہ کٓھٰیٰعٓصٓ اور حٰمٓعٓسٓقٓ لکھے اور بارگاہ الٰہی میں اس طرح سے اپنی حاجت طلب کرے یَا اللّٰہُ یَا کَرِیْمُ یَا وَدُوْدُ یَا عَلِیْمُ ۔ یَا صَادِقُ یَا اَللّٰہُ اِقْضِ حَاجَتِیْ فِیْ کَذَا ۔ پروردگار عالم کے فضل و کرم سے اس کی حاجت ضرور پوری ہوگی ۔

## عظم البرکت تعویز

ذیل میں دیا ہوا حروف مقطعات میں سے چودہ نورانی حروف کا تعویز مبارک بے شمار فوائد کا حامل ہے اس ضمن میں علامہ شرف الدین

Arshmaa Software Inc.©

بوعلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی درج ذیل چودہ نورانی حروف کو باوضو حالت میں چاندی کے ایک گول ٹکڑے پر جب کہ قمر برج ثور میں ہو اور ثور طالع ہو کندہ کروا کر اپنے پاس رکھے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ھ | ک | ر | ص | م | ل | ا |
| ح | ن | ق | س | ط | ع | ی |

جو کوئی اسے اپنے پاس رکھے گا بفضل باری تعالیٰ اس کو رزق کی تنگی و کمی نہ ہو گی وافر مقدار میں رزق حلال حاصل ہو گا پروردگار عالم اسے روزگار کے وسیع اسباب مہیا فرمائے گا وہ کشادہ دست رہے گا روزی فراخ ہو گی اور جو کوئی چاندی کی انگوٹھی پر طالع مذکور میں کندہ کروا کر پہنے تو اس کی تمام جائز حاجات پوری ہوں گی ہر مشکل آسان ہو گی کسی بڑی پریشانی میں مبتلا نہ ہو گا اور جو کوئی ماہ رجب کی پہلی جمعرات کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروا کر پہنے تو اس کے دل کو مضبوطی و قوت حاصل ہو گی اگر کسی سے خوفزدہ ہے تو وہ خوف دور ہو جائے گا۔ اگر کسی حاکم کے پاس جائے تو حاکم کے دل پر اس کی ہیبت و رعب قائم ہو جائے اور حاکم سے جو بھی کام ہو حاکم اسے اس کی منشا کے مطابق کرے اس کی جائز حاجت کو پورا کر دے اگر اس انگوٹھی کا نورانی حروف والا حصہ کسی غضبناک اور ناراض شخص کے سر پر پھیرے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ راضی ہو جائے اور اس کا غصہ اتر جائے۔ اگر کوئی پیاسا ان

حروف کو منہ میں رکھ کر چوس لے تو اس کی پیاس ختم ہو جائے اور تشنگی محسوس نہ ہو۔ جو کوئی ان چودہ نورانی حروف کو بے تکرار لکھ کر سبت النور کے دن یعنی اس ہفتے کے دن جو چاند کے پہلے نصف میں واقع ہو نگل لے تو بفضل باری تعالیٰ سارا سال آنکھیں دُکھنے نہ آئیں اور امراض چشم سے محفوظ رہے۔

اگر کوئی یہ نورانی حروف والی انگوٹھی کسی بیوہ عورت کو پہنا دے جبکہ اُس کی خواہش نکاح کرنے کی ہو اور نکاح نہ ہوتا ہو رشتہ طے نہ ہوتا ہو کوئی نہ کوئی رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ یہ رکاوٹ دُور ہو جائے گی اور جلد ہی شادی ہو جائے گی۔ اگر کوئی بیروزگار شخص اس انگوٹھی کو پہنے تو اُسے روزگار حاصل ہوگا اگر کوئی عرق گلاب و زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور مرگی کے مریض کے سر پر تعویز باندھ دے تو بفضل باری تعالیٰ مرگی کا دورہ فوراً ختم ہو جائے گا اگر کوئی کُند ذہن رات بھر بارش کے پانی میں ڈال کر رکھے اور صبح نہار منہ اس پانی کو پی لے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حافظہ بہت مضبوط ہو جائے گا۔

## زیارت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

جو کوئی حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہونے کا خواہاں ہو تو وہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر چودہ مرتبہ طٰہٰ لکھے اور اپنے سرہانے تلے رکھ کر بستر

پر لیٹے اور بکثرت درودِ پاک پڑھتے ہوئے دائیں کروٹ قبلہ رُخ ہو کر سو جائے اپنے دل میں حضور سرکارِ مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کی نیت و ارادہ ضرور رکھے علاوہ ازیں خوشبو لگا کر لیٹے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں حضور سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کی سعادت حاصل ہوگی۔

## مسوڑھوں کی سوجن

اگر کسی کے مسوڑھے سُوج گئے ہوں اور شدید درد ہوتی ہو مسوڑھوں پر ورم کے باعث کھانا کھانے میں مُشکل پیش آتی ہو تو اس کا فوری اور شافی علاج یہ ہے کہ باوضو حالت میں نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ یہ پڑھے۔

کٓہٰیٰعٓصٓ ۚ ذِکْرُ رَحْمَتِ رَبِّکَ عَبْدَہٗ زَکَرِیَّاۚ

پڑھنے کے بعد نمک پر دم کر کے اپنے مسوڑھوں پر ملے انشاء اللہ تعالیٰ آرام آجائے گا اور شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔

## چور پکڑا جائے

اگر کسی جگہ پر چوری ہوگئی ہی اور وہاں پر موجود بہت سے لوگوں پر شک ہو کہ ان میں سے کسی ایک نے چوری کی ہے معلوم نہ ہوتا ہو کہ واقعی ان میں سے چور کون ہے تو اس بارے میں جاننے کے لیے چاہیئے کہ

لوہے کی ایک اتنی بڑی موٹی سیخ لی جائے جس کے چار رُخ ہوں باوضو حالت میں ایک رُخ پر کٓھٰیٰعٓصٓ لکھے دوسرے رُخ پر یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ لکھے جب کہ تیسرے رُخ پر حٓمٓ وَالْقُرْاٰنِ اور چوتھے پر قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ لکھے اور جن لوگوں پر شک ہو ان کو چوتڑوں پر زمین پر بٹھا دیا جائے ان کو ایک دائرے کی شکل میں بٹھانے کے بعد ان کے درمیان میں زمین پر یہ سیخ رکھ کر اوپر سے چوٹ لگائے اور اور ایک مرتبہ سورۂ مُلک پڑھے اسی طرح آٹھ مرتبہ کرے یعنی ہر مرتبہ چوٹ لگانے کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مُلک پڑھے اس کے بعد ان لوگوں کو کھڑا ہونے کے لیے کہے اگر ان میں سے جو کوئی چور ہو گا وہ زمین پر سے نہ اُٹھ سکے گا اور پکڑا جائے گا۔

## دشمن نقصان نہ پہنچائے

اگر کسی کو اپنے دشمن کے سامنے جانے سے خوف محسوس ہوتا ہو جبکہ اس کے سامنے جانا ضروری و مجبوری ہو یعنی کسی جگہ پر اُس کی زور دشمن کی موجودگی و حاضری اکٹھے ہونا قرار پائی ہو تو وہ جانے سے پہلے باوضو حالت میں کسی نیک شخص سے اپنے دائیں ہاتھ پر عرق گلاب و زعفران سے کٓھٰیٰعٓصٓ حٓمٓعٓسٓقٓ لکھوائے اور اس کو خوب اچھی طرح دیکھ کر اپنی نظروں میں بسا کر دشمن کے سامنے جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا اور محبت سے پیش آئے گا۔

# کھوئی ہوئی چیز کے بارے میں جاننا

اگر کسی کی کوئی چیز کھو گئی ہو یا چوری ہو گئی ہو اور اس کے بارے میں یہ جاننا مقصود ہو کہ اُسے وہ چیز مل جائے گی یا نہیں یا کسی کام کے بارے میں کوئی اُمید رکھتا ہے اور اس کے بارے میں یہ معلوم کرنے کا خواہاں ہے کہ وہ کام ہوگا یا نہیں تو اُسے چاہیئے کہ وہ نمازِ عشاء کی ادائگی کے بعد باوضو حالت میں پاک صاف بستر پر بیٹھے اور قبلہ رُخ بیٹھ کر پہلے گیارہ مرتبہ درُود پاک پڑھے اس کے بعد عرق گلاب و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر ایک نقش پاک المص کا اس طرح سے لکھے،

| | | | |
|---|---|---|---|
| ص | م | ل | ا |
| ا | ص | م | ل |
| ل | ا | ص | م |
| م | ل | ا | ص |

اس نقش پاک کو اپنے سرہانے تلے رکھے اور لیٹ کر یقین کامل اور مکمل یکسوئی کے ساتھ اپنے مقصد کو دل میں جما کر یہ دُعا مانگے

اَللّٰھُمَّ رَبَّ اِبْرَاہِیْمَ وَمُوْسٰی وَ رَبَّ اِسْحَاقَ وَ یَعْقُوْبَ وَعِیْسٰی وَرَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ

وَعِزْرَائِیْلَ مُنْزِلَ التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلَ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الصَّغِیْرِ اَدْخِلْ فِیْ مَنَامِیْ مَا تُرِیْ لِیْ فِیْہِ الْخَیْرُ... اس کے بعد سانس لے اور یہ کہے نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ یہ کہتے ہوئے سو جائے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے خواب میں جو کچھ معلوم کرنا چاہتا ہے اُس پر ظاہر ہو جائے گا۔ مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

## میاں بیوی میں محبت کے لیے

اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی ہو اور بات بات پر گھر میں جھگڑتے رہتے ہوں کسی بھی طرح ان کے درمیان موافقت ومحبت نہ پیدا ہوتی ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں مندرجہ ذیل کلمات پڑھے۔

طٰسٓ طٰسٓمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ بَیْنَھُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ۔

پڑھنے کے بعد کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور دونوں میاں بیوی کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں کے مابین نفرت وناچاقی ختم ہو جائے گی ان کے دلوں میں باہمی محبت ومصالحت پیدا ہو جائے گی۔

## مرد وعورت میں جدائی ڈالنا

اگر کسی عورت اور مرد کے مابین ناجائز تعلق ہو اور کوشش کے

باوجود دونوں تعلق ختم نہ کرتے ہوں اور باز نہ آتے ہوں تو ان دونوں کے درمیان جدائی ڈالنے کی غرض سے بکری کے شانے کی ہڈی پر باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے یہ تعویز لکھے۔

لعلك العداوة والبغضاء الى يوم القيمة ورب
الاعلى بليا وانا له مظلمون ١٨١٨٧٧١١ و ھ ھ
کھیعص بحق حمعسق جدائی و تفریق فلاں بن فلاں و فلاں
بن فلاں بود۔ لکھنے کے بعد کسی کنویں میں ڈالے یا قبرستان میں دفن کر دے انشاءاللہ تعالیٰ دونوں کے درمیان جدائی ہو جائے گی اور ناجائز تعلق ختم ہو جائے گا۔

## نیک بیٹا پیدا ہو

اگر کسی عورت کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور وہ اس بات کی خواہاں ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے نیک اور صالح اولاد نرینہ سے نوازے تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں روزانہ نماز عشاء کے بعد اکتالیس مرتبہ کھیعص پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے حمل قرار پانے کے بعد عمل روزانہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مراد ضرور پوری ہو گی مگر چاہیئے کہ نماز پنجگانہ کی پابندی رکھے اور یقین کامل و یکسوئی کے ساتھ وظیفہ کرنے کا معمول بنائے اللہ تعالیٰ نیک و صالح اولاد نرینہ عطا فرمائے گا۔

# احتلام کے لیے

جس کسی کو بہت زیادہ احتلام ہونے کی شکایت ہو سوتے ہوئے بُرے خیالات آتے ہوں جس کی وجہ سے بہت پریشانی پیدا ہوتی ہو تو احتلام کے عارضہ سے نجات حاصل کرنے کی غرض سے بدھ کے دن ایک سفید کاغذ پر مُشک و زعفران سے یہ نقش پاک لکھے۔

٧٨٦

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ١١ | ٢١ | ٤٢ | ٥٥ | ٧٢ | ٨٨ | ٨٩ | ٨١ |
| قٓ | صٓ | كٓ | ع | مہ | ن | حٰمٓ | الٓمٓ |
| ١١٣ | ١١٦ | ١١٧ | ١١٨ | ١١٩ | ١٢٠ | ١٢١ | ١١٤ |
| ١١٣ | ١١٩ | ٢٨١ | ١٤٧ | ١٢٦ | ٢١٥ | ٢٢١ | ١٢٤ |
| ١١٥ | ١١٣ | ١٣١ | ١٢٣ | ١٣٣ | ١٣٢ | ١٣٢ | ١٣٦ |
| ١١٦ | ١٥ | عسٓقٓ | الٓمٓ | الٓمٓ | مص | ص | ع |

اس نقش پاک کو اپنے سینے پر باندھ کر سوئے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں بُرے خیالات نہ آئیں گے احتلام کی شکایت رفع ہو جائے گی اور سکون سے نیند آئے گی۔

# صرع کے لیے

اگر کوئی صرع کے عارضہ میں مبتلا ہو کسی بھی طرح افاقہ نہ ہوتا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو باوضو حالت میں سفید کاغذ پر عرق گلاب و مشک و زعفران سے یہ نقش پاک لکھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| حم عسق | طس | حم ق | الون |
| ملك احد | سلك كافی | نافع | رحمن |
| محمد | ملك رب | الله | كفيل |
| عسق حم | طس | المص | هی ص ن |

اس نقش پاک کو تعویذ کی طرح مصروع کے سر پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ صرع کے عارضہ سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

# مشکل حل ہو جائے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اسے کوئی مشکل پیش نہ آئے کسی پریشانی و مصیبت کا سامنا نہ کرنا پڑے اگر کوئی مشکل پیش بھی آئے تو فوری طور پر مشکل آسان ہو جائے پروردگار عالم اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے تو وہ نماز اشراق کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں کسی نیک شخص کے

پاس حاضر ہو اور اس سے چاندی کی انگوٹھی پر یہ نقش پاک کندہ کرائے۔

| | | |
|---|---|---|
| حٰمٓ قٓ نٓ | طٰسٓ | الٓر |
| نافع رحمٰن | ملیك معاق | احد ملیكٌ |
| الله كفيل | مالك رب | صمد |

یہ انگوٹھی اپنے دائیں ہاتھ میں پہنے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہو گی اور ہر جائز حاجت پوری ہو گی۔

## بحری سفر میں حفاظت کے لیے

جو کوئی جہاز یا کشتی کے ذریعہ سفر پر روانہ ہو رہا ہو تو وہ کشتی میں سوار ہوتے ہوئے سب سے پہلے یہ پڑھے،

وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا ۚ
اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

اس کے بعد کشتی کی پچھلی جانب پر آگے کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر دائیں اور بائیں طرف اشارہ کر کے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہے اور پیچھے کی طرف اشارہ کر کے عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہے پھر آگے کی طرف اشارہ کر کے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہے۔ پھر یہ کلمات نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ سَمِیْنًا ۔ بِکٰھٰیٰعٰصٓ کَلِیْنًا ۔ بِحٰمٓعٓسٓقٓ
حَمِیْنًا ۔ وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَآئِہِمْ مُّحِیْطٌ ۝ بَلْ ھُوَ
قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ ۝ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝

انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے سفر بخیر و عافیت طے ہوگا ڈوبنے سے محفوظ رہے گا اپنی منزل پر بحفاظت پہنچے گا۔

## حافظہ قوی ہو جائے

اگر کسی کا حافظہ بہت زیادہ کمزور ہو ہر بات بھول جاتا ہو تو اُسے چاہیے کہ جمعرات کے دن پہلے پہر چینی کی پیالی جو کہ پاک صاف ہو باوضو حالت میں عرقِ گلاب، مشک اور زعفران سے یہ لکھے۔

الٓمٓ ۝ ذٰلِکَ الکتاب لاریب فیہ سے المفلحون تک ۔

پھر یہ لکھے ختم عسق لکھنے کے بعد صاف پانی میں شہد ملا کر میٹھا کرے اور اس میٹھے پانی سے دھو کر پی لے اُس دن کھانا نہ کھائے اور رات کے وقت بھی اسی طرح عمل کر کے پانی پی لے اگلے دن روزہ رکھے اور اسی پانی سے افطار کرے تین دن یا پانچ دن اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبوط ہو جائے گا حافظے کو تقویت حاصل ہوگی۔

## میاں بیوی میں محبت کے لیے

اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی رہتی ہو دونوں میں کسی بھی بات

پر اتفاق رائے نہ ہوا ہو تو ان میں محبت اور اتفاق پیدا کرنے کی غرض سے چاہیے کہ باوضو حالت میں چالیس دانہ سیاہ مرچ لے کر اس پر ایک سو مرتبہ یہ پڑھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ یٰسٓ والقرآن الحکیم ۔ نٓ والقلم و ما یسطرون ایاک نعبد و ایاک نستعین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد و آلہٖ و اصحابہٖ اجمعین ۔

پڑھنے کے بعد یہ کہے الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں یا بنت فلاں پھر دم کرے اور سیاہ مرچوں کو کسی پاک جگہ پر تیز دھوپ میں رکھ دے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## دانت درد کا شافی علاج

اگر کسی کی داڑھ یا دانت میں شدید درد ہو رہی ہو اور کسی بھی طرح درد میں کمی واقع نہ ہوتی ہو تو باوضو حالت میں یہ کلمات پڑھ کر دم کرے۔

کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

انشاء اللہ تعالیٰ دانت درد میں آرام آجائے گا اور شفائے کاملہ حاصل ہوگی ۔

# دشمن کی زبان بندی

ایسا دشمن جس کے شر سے کوئی بھی محفوظ نہ رہتا ہو اور اس کے شر سے نقصان پہنچنے کا خطرہ لاحق رہتا ہو تو اس کے شر سے محفوظ رہنے اور دشمن کی زبان بندی کرنے کے لیے تاکہ وہ نقصان نہ پہنچا سکے تو باوضو حالت میں سُرخ رنگ کے باریک کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے یہ نقش لکھے۔

| ح ۸ | م ۴۰ | ع ۷۰ | س ۶۰ | ق ۱۰۰ |
|---|---|---|---|---|
| ۶۱ | ۱۰۱ | ۹ | ۳۶ | ۷۱ |
| ۳۷ | ۹۷ | ۶۲ | ۱۰۲ | ۱۰ |
| ۱۰۳ | ۱۱ | ۳۸ | ۶۸ | ۵۸ |
| ۶۹ | ۵۹ | ۹۹ | ۱۲ | ۳۹ |

اس نقش کی پشت پر یا اس کے نیچے دشمن اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور تہہ کر کے کسی چیز میں بند کر کے تالا لگا دے پھر اس کو کسی تاریک کنویں میں ڈال دے اس عمل سے دشمن کی ایسی زبان بندی ہو جائے گی کہ جیسے منہ پر قفل لگ گیا ہو دشمن اس کے خلاف کسی بھی قسم کا غلط پراپیگنڈہ نہ کرے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ مخالفت نہ کر سکے گا۔

# میچ جیتنا

جو بھی کرکٹ ٹیم یہ چاہے کہ وہ کرکٹ کا میچ مخالف ٹیم سے بہت اچھے طریقے سے اور زیادہ سکوروں سے جیتے تو اس ضمن میں امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے لوحِ قرآنی کے حوالے سے ایک نہایت کامیاب عمل بیان فرمایا ہے جس کی بناء پر کرکٹ میچ میں بفضل باری تعالیٰ یقینی جیت ہو جاتی ہے فرماتے ہیں کہ جو ٹیم جیتنے کی خواہاں ہو اُس ٹیم کے کھلاڑی جب کھیلنے کے لیے چلیں تو باوضو حالت میں روانہ ہوں اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر قدم بڑھائیں اور دائیں ہاتھ کی انگلیوں پر سب سے چھوٹی انگلی سے اس طرح عمل شروع کریں کہ کٓھٰیٰعٓصٓ یہ پانچ حروف ہیں ہر حرف پڑھتے جائیں اور ایک ایک انگلی بند کرتے جائیں پھر بائیں ہاتھ کی انگلیوں پر حٰمٓعٓسٓقٓ یہ پانچ حروف بھی ہر ایک انگلی پر پڑھتے جائیں اور ایک ایک انگلی بند کرتے جائیں جب دونوں مٹھیاں بند ہو جائیں تو پھر سورہ الم ترکیف پڑھیں جب ترمیہم پر پہنچیں تو اس کو (ترمیہم کو) دس مرتبہ پڑھیں اور ہر مرتبہ دائیں ہاتھ کی ایک ایک انگلی کھولیں اس کے بعد بائیں ہاتھ کی ایک ایک انگلی کھولیں یہاں تک کہ دس بار ترمیہم پڑھنے میں دونوں ہاتھوں کی دس انگلیاں کھل جائیں گی پھر بقایا سورۃ پڑھ کر مکمل کریں اور میدان میں اپنی اپنی جگہ پر جا کر کھڑے ہو جائیں اور جو کھلاڑی باؤلنگ کرائے یعنی گیند پھینکے تو وہ ہر مرتبہ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھ کر گیند

پھینکے انشاء اللہ تعالیٰ مخالف ٹیم ہار جائے گی اور یہ عمل کرنے والی ٹیم انشاء اللہ تعالیٰ جیت جائے گی۔

## حب کے لیے

اگر کوئی کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کا خواہاں ہو اور چاہتا ہو کہ محبوب کے دل میں اس کی شدید محبت پیدا ہو جائے اور وہ اس کی طرف التفات کرے تو اس مقصد کے لیے جمعہ کے دن باوضو حالت میں عرقِ گلاب و زعفران سے حروفِ مقطعات کا یہ نقشِ پاک وصفی لکھے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۶۶۵ | ۶۸۹ | ۶۸۳ | ۶۷۷ | ۶۷۱ |
| ۶۷۸ | ۶۷۲ | ۶۶۶ | ۶۸۵ | ۶۸۴ |
| ۶۸۶ | ۶۸۰ | ۶۷۹ | ۶۷۳ | ۶۶۷ |
| ۶۷۴ | ۶۶۸ | ۶۸۷ | ۶۸۱ | ۶۷۵ |
| ۶۸۲ | ۶۷۶ | ۶۷۰ | ۶۶۹ | ۶۸۸ |

یہ وصفی نقش پاک لکھنے کے بعد کسی جاری نہر کے صاف پانی سے دھو کر کسی میٹھی شے میں ملائے اور مطلوب کو کھلائے سات جمعہ تک اس طرح کرے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب کے دل میں اس کی شدید محبت پیدا ہو جائے گی۔

# رزق میں اضافہ کے لیے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے رزق حلال میں اضافہ ہو جائے غربت و افلاس دور ہو جائے کاروبار خوب ترقی کرے تو وہ جمعہ کے دن روزہ رکھے اور جس دن روزہ رکھے اس دن فجر کی نماز کے بعد پاک صاف اور باوضو حالت میں جھاڑ کی لکڑی کے ایک ٹکڑے (جھاڑ ایک قسم کا درخت ہے جو دوا کے کام آتا ہے اس کے ٹوکرے بھی بنتے ہیں) پر یہ لکھے حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ سے يُوْقِنُوْنَ تک ۔ پھر کنویں یا نہر کے پانی سے دھو کر اپنے گھر کے چاروں کونوں اور اپنے کاروبار کی جگہ کی دیواروں پر چھڑک دے اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد یہی کلمات پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگا کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رزق میں خوب اضافہ ہوگا۔ جس لکڑی کے ٹکڑے پر لکھا تھا اس کو نہر یا کنویں میں ڈال دے۔

# گردن میں درد

اگر کسی کی گردن میں درد کی شکایت لاحق ہو گئی ہو یا گردن میں ورم ہو گیا ہو تو باوضو حالت میں تھوڑی سی پاک اور صاف مٹی لے کر اس پر یہ دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ ۔

دم کرنے کے بعد مریض کو دے اور اسے ہدایت کرے کہ وہ یہ دم کی ہوئی مٹی کو بار بار اپنی گردن پر اور گلے پر ملتا رہے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت جلد شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔

## دانتوں کا درد

جس کسی کے دانتوں میں درد ہو سوڑھے ورم زدہ ہوگئے ہوں اور بہت تکلیف محسوس ہوتی ہو تو باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے یہ نقش لکھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ح | و | د | ب |
| ب | د | و | ح |
| د | ح | ب | د |
| د | ب | ح | و |

اس نقش کو اپنے دانتوں پر ملے انشاء اللہ تعالیٰ درد میں کمی واقع ہو گی اور آرام آجائے گا۔

Arshman Software Inc. ©

## حمل قائم رہے

جس عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو اور گر جاتا ہو جس کی وجہ سے وہ اولاد کی نعمت سے محروم ہو تو با وضو حالت میں چاندی کی تختی پر حروف مقطعات کندہ کرائے۔

الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓمٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ طٰسٓ یٰسٓ صٓ حٰمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ۔

اس کندہ کی ہوئی تختی کو عورت اپنے گلے میں ڈالے انشاءاللہ تعالیٰ اس کا حمل ضائع نہ ہوگا اور حروف مقطعات کی برکت سے حمل قائم رہے گا۔

## دشمن ذلیل ہو جائے

اگر کسی کا دشمن نقصان پہنچانے سے باز نہ آتا ہو اور بہت تنگ کرتا ہو تو اُس سے چھٹکارہ حاصل کرنے اور اس کی دشمنی سے بچے رہنے کیلئے طٰسٓمٓ ۚ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ سے مُعْرِضِیْنَ ہ تک پڑھے اور اس زمین کی مٹی کی ایک مٹھی لے جس پر کبھی دھوپ نہ پڑی ہو اس پر دم کرے اور دشمن کے مُنہ کی طرف پھینک دے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل و خوار ہوگا اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## جنت کا حصول

جو کوئی جنت کے حصول کا خواہاں ہو اور چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس

کے گناہوں کو بخش دے اور اسے جنت کے سرسبز باغات کا مالک بنا دے تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھے حٰمٓ عٓسٓقٓ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دُعا قبول ہوگی اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## حاجت پوری ہو جائے

اگر کسی کی کوئی ایسی جائز حاجت ہو جس کی وہ برسوں سے خواہش کر رہا ہو مگر حاجت پوری نہ ہوتی ہو تو وہ شعبان کے مہینہ کی پہلی رات کو نمازِ عشاء کی ادائیگی کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی سے دس مرتبہ یہ پڑھے،

الٓمٓ ۔ الٓمٓصٓ ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰسٓمٓ پھر دس مرتبہ یہ پڑھے۔

حٰمٓ ۚ وَالْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۙ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةٍ سے

رَبُّ اٰبَآئِکُمُ الْاَوَّلِیْنَ ۙ تک

اس کے بعد چودھویں شب کو نمازِ عشاء کے بعد تین مرتبہ پڑھے اور حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درُود پاک بھیجے پھر اپنی حاجت کی دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی جائز حاجت ہوگی وہ پوری ہو جائے گی۔

---

- **اپنی دعاؤں میں حکیم خالد کو بھی یاد رکھنے کی درخواست ہے**